1. He prefers poverty to wealth.

2.He prefers action to knowledge.

3. He considers the Hereafter to be more important than this world.

4. He prefers humiliation for the sake of religion to worldly honour.

5. He has insight into external and internal knowledge and is always ready for death.

**Being thoughtful of the Hereafter:**

Dear son! Do not be deceived by the beauty of the world, this world seems green, fresh and sweet. Whoever clings to it clings to it and whoever rejects it also shakes it off. There is no way to keep the world. Be prepared for the journey of death day and night and be concerned about the Hereafter.

**The world is just like a guest house:**

Dear son! Keep yourself in seclusion, be solitary, and be broken-hearted in fear of God, until you are immersed in the blessings of God Almighty. Live in this world as if you were a stranger or a traveller. Count yourselves among the dwellers of the grave and leave this world as you came to it free from sins; for it is not known by what name you will be called on Conclusion: the Day of Resurrection.

**Conclusion:**

May Allah Almighty grant us the ability to act in accordance with these instructions and protect us from opposing them. True knowledge is with Allah Almighty, He is sufficient for us, and He is the best disposer of affairs. There is no power or might except Him. May Allah's blessings and peace be upon our master, Hazrat Muhammad (peace be upon him), his family, and his companions until the Day of Resurrection.

**M. Z. Alimi**
Teacher & Research Scholar
Jamia Arifia, Saiyed Sarawan,Kaushambi
Mob:+91 7318263105
Email: mzralimi@gmail.com

# بادۂ عرفان



مفتی امام الدین سعیدی

# مومن کی پہچان

اللہ تعالیٰ کا بڑا فضل و احسان ہے کہ اس نے ہمیں سب سے اشرف اور بہترین مخلوقات میں پیدا فرمایا اور طرح طرح کی اپنی بے بہا نعمتوں سے نوازا، لیکن سب سے بڑی نعمت جو ہم انسانوں کو عنایت کیا ہے وہ ایمان کی دولت ہے، جس کے سبب تمام امتوں میں ہم بہتر امت قرار پائے اور مومن کہلانے کا حقدار بنے۔ اب مومن کے اوصاف کیا ہیں اور اس کی نشانیاں کیا ہیں، اس تعلق سے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أُولَٰئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ۔ (سورہ حجرات:۱۵)

یعنی اللہ رب العزت نے اس آیت کے اندر مومن کی نشانی یہ بتائی ہے کہ حقیقت میں مومن وہی ہے جو اللہ و رسول پر ایمان لائے اور کسی شک میں نہ پڑے، پھر اپنی جان و مال سے اللہ کی راہ میں جہاد کرے، یہی لوگ اپنے ایمان میں سچے ہیں۔

## ایمان کا مطلب

یعنی اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لانا ذات و صفات کے اعتبار سے۔

● اللہ پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ کو ایک جانے، اس کی صفات و کمالات کو دل سے مانے، اس کے احکام دل سے قبول کرے اور اس کی فرمانبرداری کو اپنے اوپر لازم کرلے۔

● رسول پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ ان کی رسالت و نبوت میں شک نہ کرے، ان کی اتباع و پیروی کو اپنے اوپر لازم کرلے، ان کی حد درجہ تعظیم کرے اور ان سے اپنا قلبی لگاؤ مضبوط رکھے۔

## شک نہ کرنے کا مطلب

شک نہ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اسے ایسا یقین حاصل ہو جیسے کہ دھوپ دیکھنے کے بعد ہمیں سورج کا یقین ہو جاتا ہے، بلکہ اس سے بھی زیادہ اور جیسے ہمیں اس بات کا یقین حاصل ہے کہ دس کا عدد تین کے عدد سے بڑا ہے۔ لاکھ کوئی کہے کہ دس کا عدد تین کے عدد سے چھوٹا ہوتا ہے اور وہ اپنے اس دعویٰ پر دلیل بھی دے، پھر بھی ہمارے اس یقین میں فرق نہیں آئے گا کہ دس تین سے بڑا ہے، اسی طرح ایمان کا بھی حال ہے کہ جب ہم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لے آئیں تو ان

کی ہر بات پر ایسا ہی یقین ہونا چاہیے۔

### جان سے جہاد

جان سے جہاد کا مطلب یہ ہے کہ اپنی جان کو اللہ و رسول کی اطاعت میں کھپا دیا جائے۔ جس طرح تم اپنے اہل وعیال کے لیے پریشانیاں برداشت کرتے ہو اور اسے خوش رکھنے کے لیے سخت سے سخت تکلیف اٹھا لیتے ہو، ایسے ہی اپنے مولیٰ کو خوش رکھنے کے لیے اور اس کے احکام کی اطاعت کے لیے جو بھی پریشانی اور مشکل آجائے اس کی وجہ سے اس کی ناراضگی مول نہ لو بلکہ اس مشکل کو برداشت کرو۔ اپنی طبیعت اور مزاج کے آرام کا خیال مت رکھو۔

### مال سے جہاد

مال سے جہاد کا مطلب یہ ہے کہ اپنی دولت میں سے ضروریات زندگی کے علاوہ اللہ کی راہ میں خرچ کیا جائے۔ اب رہا یہ سوال کہ کتنا مال خرچ ہو؟ تو نفلی صدقہ میں کوئی مقدار متعین نہیں، یہ تو ہر مومن کے ایمان کے اعتبار پر موقوف ہے۔ ظاہر ہے جس کا ایمان جتنا مضبوط اور پختہ ہوگا، اس کے پاس راہ مولیٰ میں خرچ کرنے کا جذبہ اتنا ہی زیادہ ہوگا۔

انسان دنیاوی فائدے کے لیے دنیاوی کاموں میں بے دریغ دولت لٹاتا ہے اور اسے ذرہ برابر افسوس نہیں ہوتا، جبکہ اس کا فائدہ صرف دنیا ہی تک محدود ہے وہ بھی یقینی نہیں مگر اللہ کی راہ میں تھوڑا مال بھی خرچ کرنے میں افسوس کرنے لگتا ہے۔ حالانکہ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کا اتنا بڑا فائدہ ہے جس کا کوئی اندازہ نہیں کر سکتا، اللہ رب العزت ارشاد فرماتا ہے جو تم اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہو، اس کی مثال یہ ہے کہ:

كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ (بقرہ:۲۶۱)

یعنی اس دانے کی طرح ہے جس سے سات بالیاں نکلیں اور ہر بالی میں سو دانے، مزید اللہ چاہے تو اس میں کئی گونہ اضافہ کر سکتا ہے۔

اس آیت میں اللہ رب العزت نے کھلی ہوئی مثال کے ذریعے ہمیں یہ سمجھا دیا کہ ہم جتنا بھی مال اللہ کی راہ میں خرچ کریں گے تو اس کا سات سو گنا اجر ہمیں ملے گا اور اللہ چاہے تو اس اجر کو کئی گنا زیادہ کر سکتا ہے۔

کسی بزرگ کا قول ہے کہ انفاق سے نفاق ختم ہوتا ہے۔ یعنی اللہ کی راہ میں خرچ کرنے سے دل کا نفاق ختم ہوتا ہے۔

چونکہ ہم آخرت کا فائدہ اور وہاں کی نعمت نہیں دیکھ رہے ہیں، اس لیے اس کا احساس اور شوق نہیں اور دنیا کا فائدہ دکھتا ہے، اس لیے اس طرف ہم زیادہ بھاگتے ہیں مگر یاد رکھیے کہ دنیا کی چیزوں سے کہیں زیادہ ایک مومن کو آخرت کی نعمتوں پر یقین ہونا چاہیے کیونکہ اس کی خبر خود خالق کائنات دے رہا ہے، جس کی بات کی سچائی اور حقیقت میں شک کرنا بھی کفر ہے۔ اُسے بلا چون و چرا دل سے تصدیق کرنا ہی ایمان ہے، چاہے وہ ہمیں نظر آئے یا نہ آئے، اس لیے کہ اہل ایمان کی ایک پہچان یہ

بھی ہے کہ وہ غیب پر ایمان رکھتے ہیں۔

اس تفصیل کی روشنی میں ہر مومن کو اپنے اپنے ایمان کا جائزہ لینا چاہیے کہ وہ سچے مومن ہیں یا صرف زبان سے محض ایمان کا دعوی کر رہے ہیں؟ سچے مومن کی کسوٹی کیا ہے؟ ہمیں قرآن نے بتا دیا ہے اس پر اپنے آپ کو آزمائیں۔ اگر ہم حقیقت میں ایمان سے دور ہیں تو ہمیں کامل ایمان حاصل کرنے کے لیے صراط مستقیم پر چلنا پڑے گا اور سچوں کی صحبت اختیار کرنا پڑے گا۔

□□□




مفتی امام الدین سعیدی

صدر مفتی: مرکزی دار الافتاء، نیپال

Mob: +977 9822058193

Email:abuhuzaifa83@gmail.com


''حقیقت میں مومن وہی ہے جو اللہ و رسول پر ایمان لائے اور کسی شک میں نہ پڑے، پھر اپنی جان و مال سے اللہ کی راہ میں جہاد کرے، یہی لوگ اپنے ایمان میں سچے ہیں۔

● اللہ پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ کو ایک جانے، اس کی صفات و کمالات کو دل سے مانے، اس کے احکام دل سے قبول کرے اور اس کی فرمانبرداری کو اپنے اوپر لازم کرلے۔

● رسول پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ ان کی رسالت و نبوت میں شک نہ کرے، ان کی اتباع و پیروی کو اپنے اوپر لازم کرلے، ان کی حد درجہ تعظیم کرے اور ان سے اپنا قلبی لگاؤ مضبوط رکھے۔''

# دین

## کس سے حاصل کریں؟



مولانا غلام مصطفیٰ ازہری

ہر انسان خواہ وہ اعلیٰ ہو یا ادنیٰ، عوام ہوں یا خواص، علما ہوں یا مشائخ، سب کو ایک مرشد کی ضرورت ہے۔

یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ وہ مرشد کون ہوگا اور وہ کن صفات کا حامل ہوگا؟ جس سے ہم دین سیکھیں گے، اور جن کے اقوال و افعال کی ہم پیروی کریں گے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا (الحجرات:۶)

ترجمہ: اے ایمان والو! اگر تمہارے پاس کوئی فاسق خبر لے کر آئے تو اس پر خوب غور کرلو۔

اللہ تعالیٰ نے فاسق کی خبر اور اس کی گواہی قبول کرنے سے منع فرمایا ہے، پھر وہ فاسق سے دین سیکھنے کی اجازت کیسے دے سکتا ہے۔

ایک دوسرے مقام پر اللہ تعالیٰ نے فاسقوں کو ذکر الٰہی سے غافل قرار دیا ہے اور ان کی اطاعت و فرماں برداری سے منع فرمایا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا (الکہف:۲۸)

ترجمہ: اور ایسے شخص کی اطاعت نہ کرو جن کا قلب ہمارے ذکر سے غافل ہو۔

اسی تعلق سے امام مسلم نے ابن سیرین کا ایک قول نقل کیا ہے: فَانْظُرُوْا عَمَّنْ تَاْخُذُوْنَ دِيْنَكُمْ۔

(مسلم، ان الانسان فی الدین)

ترجمہ: غور کرلو کہ تم اپنا دین کس سے حاصل کر رہے ہو۔

مذکورہ گفتگو سے واضح ہوگیا کہ جس سے دین حاصل کیا جائے پہلے اس کے دین و ایمان سے واقفیت ضرور حاصل کی جائے، تاکہ انسان لاشعوری میں کسی فاسق و گمراہ اور بددین کی پیروی نہ کرنے لگے، صراطِ مستقیم کی پیروی کی جگہ گمراہ و بددین نہ ہوجائے۔

ہم اس سوال کے جواب سے پہلے یہ جانیں کہ دین کیا ہے؟ اور دین کس کو کہتے ہیں؟

جس فعل سے اللہ راضی ہو اور وہ فعل سنتِ رسول کے مطابق ہو وہ دین ہے۔ اور جو کام رضائے الٰہی کے لیے کیا جائے مگر وہ طریق محمدی کے خلاف ہو تو اس کی پیروی نہیں کی جائے گی؛ اگرچہ وہ کام وقت کے ائمہ ہی سے کیوں نہ صادر ہوا ہو۔ ہاں! ہم اس کی تردید میں جلدی نہیں کریں گے، ل کہ ممکن ہے کہ ان ائمہ و مشائخ

کے پاس کوئی ایسی دلیل ہو جس کا علم ہمیں نہ ہوا ہو، یا ان کی دلیل ہمارے نزدیک راجح نہ ہو۔

دوسری وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ وہ بظاہر ہوش میں ہوں لیکن حقیقت میں وہ مغلوب، بے خود یا مجذوب ہوں۔

داعیِ اسلام شیخ ابوسعید فرماتے ہیں:۔

عین ممکن ہے کہ وہ مغلوب ہو
سالک اپنی ذات میں مجذوب ہو

اور فاضل بریلوی علیہ الرحمہ کا یہ شعر کہ:۔

بے خودی میں سجدۂ در، یا طواف
جو کیا اچھا کیا پھر تجھ کو کیا

**دین کی تین شاخیں ہیں:**

۱۔ایمان ۲۔اسلام ۳۔احسان

ایمان بیج اور جڑ ہے، چنانچہ جیسے جیسے ایمان کی جڑیں دل کی زمین پر مضبوط ہوتی ہیں ویسے ویسے اس زمین سے عمل کا پودا نکلتا ہے، اُسے ہم اسلام کا نام دیتے ہیں۔ اور جب ایمان وعمل کا یہ پودا ایک تناور درخت کی شکل اختیار کرلیتا ہے تو اس میں اخلاق وتقویٰ کا پھل نکل آتا ہے اور ایمان وعمل کا یہی پھل جب پختہ ہونے لگتا ہے تو آہستہ آہستہ بندۂ مومن پر مشاہدۂ حق کی کیفیت طاری ہونے لگتی ہے جسے احسان کہا جاتا ہے۔

اگر پودا خودرو ہوتا ہے تو عام طور سے اُسے کوئی نہ کوئی جانور کھالیتا ہے۔ عام مسلمان کے ایمان وعمل کی حالت یہی ہوتی ہے یعنی جو شخص مسلم خاندان میں پیدا ہو، اور وہ کسی صالح مومن سے دین نہ حاصل کرے تو شیطان اس کے ایمان کو ایسے نگل جائے گا جیسے اجگر انسان کو نگل جاتا ہے، ایسی صورت میں اس کا عمل تو برباد ہوگا ہی اس کا ایمان بھی خطرے میں پڑ جائے گا، بلکہ بعض لوگوں کا ایمان ختم بھی ہوجاتا ہے لیکن انھیں اس بات کی خبر نہیں ہوتی۔

یا پھر وہ پودا، درخت ہونے کے بعد بانجھ ہوجائے گا یعنی اس پر پھل ہی نہیں لگے گا یا پھل دار تو ہوگا لیکن اس کا پھل بے مزہ ہوگا۔ ہاں! صرف اتنا ہوسکتا ہے کہ اس کی چھاؤں سے لوگ کچھ فائدہ اٹھالیں۔ تصوف کی اصطلاح میں ایسے لوگوں کو سالک محض کہتے ہیں۔

ہمارے زمانے کے اکثر علما جن کا تعلق اہلِ سنت سے ہے، بے عمل اور فاسق ہیں۔ اسی لیے اکثر عوام ان کو اپنا مقتدا نہیں مانتے ہیں، لاشعوری میں عصری درسگاہوں کے تعلیم یافتہ لوگ بدعتی اور گمراہ فرقوں کے علما کے ظاہری اعمال کو دیکھ کر ان کی پیروی کرنے لگتے ہیں۔ ایسے بدعتی علما بلکہ ایسے بے عمل وفاسق علما کی مثال ببول کے درخت کی طرح ہے ان کی قربت جسم وروح اور ایمان وعمل دونوں کو لہولہان کرسکتی ہے۔

جہاں تک صالح اور متقی علما کا سوال ہے تو ان کی مثال بھی ایک ایسے درخت کی ہے جس کے سائے میں بیٹھا تو جاسکتا ہے، اس کی گھنی اور مضبوط شاخوں (علم وعمل) سے کچھ نہ کچھ فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے لیکن ان درختوں میں پھل نہیں آتے، اس لیے اُن کی صحبت میں بیٹھ کر دیدارِ مولیٰ نہیں کیا جاسکتا۔

اگر خود رو درخت پر پھل آئے گا تو کبھی کبھی وہ پھل مزہ دار تو ہو گا لیکن عام لوگ اسے کھا نہیں سکتے ہیں؛ کیوں کہ اس کا نگلنا مشکل ہو گا۔ تصوف میں اُسے مجذوب محض کہا جاتا ہے کیوں کہ عام آدمی اس سے فائدہ نہیں اٹھا سکتا۔

لیکن جس درخت کی جڑ اور شاخیں مضبوط ہوں اور اس کا کوئی مرشد اور نگہبان بھی ہو تو وہ بہترین پھل دیتا ہے اور ہر طبقے کے لوگ اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں لیکن اگر باغباں کامل نہ ہو، صحیح وقت پہ دوا، غذا، پانی وغیرہ درخت کو مہیا نہیں کرتا ہو، اس کی بے کار شاخوں کو تراشا نہ ہو تو اس درخت کا پھل عالمی بازار میں بکنے کے قابل نہیں ہوتا۔

آج امراض کی تشخیص اور علاج کے سلسلے میں تین طرح کے ڈاکٹر پائے جاتے ہیں:

۱۔ جنرل فزیشین (عام)

۲۔ اسپیشلسٹ (خاص)

۳۔ سوپر اسپیشلسٹ (اخص الخاص)

اگر دین کی تینوں شاخوں کو ذوق وشوق کے ساتھ کسی ماہر اور کامل سے حاصل کیا جائے تو بہت ہی کم مدت میں کمال تک پہنچا جا سکتا ہے۔

ایمانیات کے حوالے سے یوں سمجھا جا سکتا ہے کہ اگر کوئی عام مرشد کلمہ پڑھاتا ہے تو وہ صرف اللہ کی وحدانیت کا اقرار کراتا ہے۔ لیکن اسی کلمے کو اگر کوئی خاص شخص پڑھاتا ہے تو اقرار کے ساتھ ساتھ تصدیق قلبی کی طرف متوجہ کرتا ہے اور اگر اخص الخاص (سوپر اسپیشلسٹ) یہی کلمہ پڑھاتا ہے تو اسے یہ سمجھاتا ہے کہ دل میں اگر توحید راسخ ہو جائے تو اس کے دو نتیجے برآمد ہوں گے:

۱۔ اللہ پر مکمل بھروسہ

۲۔ بندوں سے کوئی شکوہ نہیں

اگر یہ نتیجہ نہ نکلے تو جان لو کہ دل شرک کی غلاظت سے پورے طور پر پاک اور صاف نہیں ہوا ہے اور وحدہ لاشریک لہ پر ایمان ابھی کامل نہیں ہوا ہے۔

اسلامیات کو مثال سے اس طرح سمجھا جا سکتا ہے کہ اگر کوئی شخص کسی کو نماز ادا کرنے کا طریقہ سکھائے گا تو اُسے صرف رکوع، سجدہ اور قیام کی کیفیت بتائے گا اور اگر خاص شخص اسے نماز کا طریقہ سکھائے گا تو ارکان نماز کو سنت طریقے سے ادا کرنے کی تلقین کرے گا اور اگر یہی تمام باتیں اخص الخاص بتائے گا تو ساتھ میں اس بات کی اہمیت بھی واضح کرے گا کہ نماز میں پڑھے جانے والے کلمات کے معانی پر غور کرے، اپنے گناہوں کو یاد کرے، خشوع اور خضوع پیدا کرے اور اپنے دل ودماغ میں یہ تصور پختہ کر لے کہ اللہ ہمیں دیکھ رہا ہے اور پھر آہستہ آہستہ یہ تصور مضبوط کرے کہ وہ اللہ کو دیکھ رہا ہے۔

احسانیات کے سلسلے میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ ریا سے بچنے کی تلقین کوئی عام آدمی کرے گا تو محض اسے ناجائز وحرام بتائے گا اور اگر خاص کرے گا تو علامات ریا بھی شمار کرائے گا اور اگر مشائخ کریں گے تو دوسروں

میں عیب دیکھنے اوران میں ریا ڈھونڈنے کے بجائے اپنے اندر اخلاص پیدا کرنے کی تعلیم وترغیب دیں گے۔

اس کی ایک دوسری مثال یہ بھی ہو سکتی ہے کہ حدیث جبریل میں حضور نبی کریم ﷺ نے احسان کا معنی بتاتے ہوئے یہ فرمایا: تم اللہ کی عبادت ایسے کرو گویا کہ تم اللہ کو دیکھ رہے ہو اور اگر یہ نہ ہو سکے تو کم سے کم یہ تصور جماؤ کہ اللہ تمھیں دیکھ رہا ہے۔

اس کیفیت کے حصول کا تصور ہی عام علما ومرشدین کے یہاں مفقود ہے۔ خاص لوگوں کے یہاں ہے بھی تو اس معنی میں ہے کہ: بندہ کو نماز میں خشوع اور خضوع پیدا کرنا چاہیے۔ لیکن مشائخ عظام اور عارفین کے نزدیک مومن کا ہر لحظہ عبادت ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اِنَّ صَلَاتِیْ وَ نُسُكِیْ وَ مَحْیَایَ وَ مَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ (الانعام: ۱۶۲)

ترجمہ: میری نماز، میری قربانی، میرا جینا، میرا مرنا سب اللہ کے لیے ہے جو تمام جہانوں کا رب ہے۔

بندے کو ہر حال میں یہ تصور قائم رکھنا چاہیے کہ اللہ اسے دیکھ رہا ہے یا وہ اللہ کو دیکھ رہا ہے۔

اس کے لیے مرشد کا تصور تریاق ہے۔

اس کے علاوہ وَ ذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَ بَاطِنَهٗ (یعنی ظاہری اور باطنی ہر طرح کے گناہوں کو ترک کردو) پر عمل کرنا ہوگا اور قلب کو غفلت سے دور کر کے یاد الٰہی میں غرق رکھنا ہوگا، تبھی جا کر یہ کیفیت طاری ہوگی۔ ورنہ آلائشوں سے گھرا ہوا دل تجلیات الٰہی کا مشاہدہ نہیں کر سکتا۔

دین کی ان تین شاخوں (ایمان، اسلام، احسان) کو علما کی الگ الگ جماعتوں سے حاصل کیا جاسکتا ہے، مثلاً:

اسلام فقہائے ظواہر سے، ایمان متکلمین اور مقاصد شرع پر نگاہ رکھنے والے فقہا سے اور احسان علمائے ربانیین، عارفین باللہ اور واصلین حق سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

چوں کہ محدثین کی راہ تحقیقِ رجال کی ہے، ان سے براہ راست دین حاصل نہیں کیا جاسکتا، ان کے پاس دوائیں تو بہت سی ہوتی ہیں لیکن کون سی دوا کس کام میں کام آتی ہے انھیں اس سے بہت ہی کم واسطہ ہوتا ہے۔

فقہا کی راہ سدِ ذرائع کی ہے، جن کا کام اسلامی سرحدود کی محافظت ہے، متکلمین کی راہ تاویل اور توسع کی ہے جب کہ صوفیا کی راہ ایمان، عمل اور تقویٰ کی ہے۔

اب ذیل میں ہم محدثین اور صوفیا کے نزدیک جن سے دین سیکھا جائے ان کے شرائط اور تقابلی جائزہ پیش کرتے ہیں:

محدثین بیان کرتے ہیں کہ جس سے دین حاصل کیا جائے اس کے اندر چار چیزوں کا ہونا ضروری ہے:

۱۔ مومن اور دین دار ہو

۲۔ حافظہ قوی ہو

۳۔ اخذ حدیث کا سلسلہ حضور اکرم (ﷺ) تک متصل ہو۔

۴۔ اس کی روایت کردہ حدیث میں کوئی نقص نہ ہو اور معتمد راویوں کے مخالف نہ ہو۔

صوفیا نے دین حاصل کرنے کے لیے تین شرطیں بتائی ہیں:

ا۔جس سے دین حاصل کریں اس کا عقیدہ اہل سنت و جماعت (اشعری یا ماتریدی) کے مطابق ہوں۔

۲۔امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا عالم و عامل ہو۔

۳۔اس کی صحبت و اجازت کا سلسلہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک متصل ہو۔

دونوں گروہوں کے نزدیک کچھ چیزیں مشترک ہیں، جیسے: محدثین کی پہلی دونوں شرطیں صوفیا کی دوسری شرط امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا جاننے والا اور اس پر عمل کرنے والا ہو، میں شامل ہے، کیوں کہ جاننا، یا عالم ہونا، قوت حافظہ اور ذکاوت پر دلالت کرتا ہے اور عمل کرنے والا ہونا، ایمان داری اور دیانت داری پر دلالت کرتا ہے۔لیکن صوفیا کی پہلی شرط ہے کہ دین سکھانے والے کا عقیدہ اہل سنت و جماعت کے موافق ہو، محدثین کے یہاں نہیں پائی جاتی ، بلکہ محدثین ،خارجی ،رافضی ، مرجیہ اور قدریہ سے بھی حدیث اخذ کرتے ہیں۔صحاح میں ان کی روایت کردہ احادیث کی کثرت ہے۔

تیسری شرط یعنی یہ کہ دین سکھانے والے کا سلسلہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچے، دونوں جماعتوں کے یہاں موجود ہے۔مگر فرق یہ ہے کہ محدثین کے نزدیک ملاقات یا ہم زمانہ ہونے کا ثبوت ہی قبول حدیث کے لیے کافی ہے۔جب کہ صوفیا کے نزدیک ملاقات اور ایک عرصہ تک صحبت بھی کافی نہیں ، بلکہ اسے شیخ کی جانب سے اجازت وخلافت بھی حاصل ہو۔

کامل شیخ اپنی رائے اور صواب دید کے اعتبار سے اپنے اسی مرید کو اجازت وخلافت دیتا ہے جو اپنے پانچوں حواس ظاہرہ کو گناہوں سے دور رکھتا ہو، یا پھر شیخ کو روحانی اشارات کے ذریعے اسے خلافت واجازت دینے کا حکم ملا ہو۔ان دونوں صورتوں کے علاوہ جو بھی خلافت واجازت کا سلسلہ چل رہا ہے وہ سب تبرکا ہے، ایسے لوگ خود ابھی دین سیکھنے کے محتاج ہیں دوسروں کو دین کیا سکھائیں گے۔

محدثین کی چوتھی شرط مسائل اخذ کرنے کے سلسلے میں ہے کہ روایت کردہ احادیث سے اسی وقت احکام نکالیں گے جب کہ متن وسند میں کوئی علت وشذوذ نہ ہو۔

صوفیہ کے نزدیک خلیفہ مطلق نائب رسول ہوتا ہے، اسی لیے کبھی ایسے احکام بھی نافذ کرسکتا ہے جو ہمارے ناقص فہم سے بالاتر ہو۔

اس گفتگو سے واضح ہوگیا کہ دین سیکھنا عارفین باللہ کے طریقوں سے زیادہ آسان ہے، کیوں کہ وہ ہر فضیلت کے جامع ہوتے ہیں اور دین کے تینوں اجزا سے بخوبی واقف ہوتے ہیں، اسلامی احکام نافذ کرتے وقت مقاصد شرع نہیں بھولتے، ایمانیات کی تعلیم دیتے وقت تدریج اور انسانی طبیعتوں کا مکمل خیال رکھتے ہیں اور احسان تک رسائی کے لیے ہر ممکن طریقہ ڈھونڈ نکالتے ہیں۔

یہ ایسے پاکیزہ نفوس ہوتے ہیں جن کا دل ذکر سے کبھی غافل نہیں ہوتا اور ہمیں انھیں عرفانی شخصیات سے

فیضیاب ہونے کی تعلیم دی گئی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: فَسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ۔

(النحل:۴۳)

ذاکرین سے پوچھ لو اگر تم نہیں جانتے ہو۔

یہاں اس امر کی وضاحت ضروری ہے کہ بعض لوگوں کے ذہن میں یہ خیال گھر کر گیا ہے کہ صرف سند یافتہ علما اور فقہائے ظواہر سے ہی دین سیکھا جا سکتا ہے اور وہی اللہ کے مقرب ہو سکتے ہیں اور اس کی معرفت حاصل کر سکتے ہیں۔

یہ خیال درست نہیں ہے، کیونکہ ان تمام شخصیات سے دین سیکھا جا سکتا ہے جن کے دل میں اللہ تعالیٰ نے اپنی محبت ڈال رکھی ہے، جو دنیاوی امور میں مشغول ہونے کے باوجود یادِ الٰہی سے کبھی غافل نہ ہوتے ہیں، جن کی نمازیں اور جن کا جینا مرنا سب اللہ تعالیٰ کے لیے ہوتا ہے، یہ سب عارفین ہیں، خواہ وہ تاجر، ڈاکٹر، انجینیر ہوں یا مزدور طبقہ سے تعلق رکھتے ہوں، انھیں کسی سند کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ ایسی ہستیوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے: وَ عَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا (الکہف:۶۵) اور ہم نے انھیں اپنی جانب سے خاص علم لدنی عطا کیا۔

ان سب سے دین حاصل کیا جا سکتا ہے جب کہ انھیں کسی مرشد نے دین سیکھانے کی اجازت بھی دے دی ہو۔

□□□

مولانا غلام مصطفیٰ ازہری
استاذ و محقق: جامعہ عارفیہ، سید سراواں، کوشامبی
Mob:+91 9696973121
Email:inamsafi@gmail.com









# احیائے تصوف کی دعوت:
# چند قابل غور پہلو

ڈاکٹر ذیشان احمد مصباحی

موجودہ حالات میں تصوف کی طرف واپسی نہایت ضروری ہوگئی ہے۔ مادی لادینی زندگی سے روحانی ربانی زندگی کی طرف اور تشدد اور انتہا پسندی سے امن و سلامتی کی طرف امت بلکہ انسانیت کو بلا تاخیر پلٹ آنا چاہیے، اسی طرح جہاز اور کمپیوٹر سے مالا مال برقی تمدن سے ایسے گوشۂ عافیت کا رخ کرنا بھی ضروری ہوگیا ہے، جہاں بھائی چارہ ہو، اخلاق ہو، جاگنے والی آنکھیں ہوں اور ٹوٹے ہوئے دل ہوں۔

تصوف کی ضرورت تو کل بھی تھی مگر ایسا لگتا ہے کہ کل کی بہ نسبت آج اس کی ضرورت بڑھ گئی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ تاریخی شواہد کے مطابق عہدِ رسالت اور عہدِ صحابہ کے بعد عام طور پر لوگوں کی نگاہیں دنیا اور اس کی رنگینیوں کی طرف اٹھ چکی تھیں۔ ایسے حالات میں چند زاہدین کھڑے ہوئے۔ یہ لوگ دنیا سے بے رغبت اور آخرت کی طرف متوجہ تھے۔ انھوں نے ذکر و فکر کے لیے اور دین کے تیسرے رکن احسان کے احیا کے لیے خانقاہیں قائم کیں۔ صالحین اور محسنین کی یہی جماعت بعد میں صوفیا کے نام سے متعارف ہوئی۔ یہ سب کچھ تابعین یا تبع تابعین کے زمانے میں ہوا، جب نمازیں قائم تھیں، مسجدیں آباد تھیں اور دل زندہ تھے۔ لوگوں میں جو کچھ تبدیلی آئی تھی وہ صرف یہ تھی کہ دنیا کی طرف ان کا میلان بڑھ گیا تھا۔ ایسے حالات میں صالحین کی ایک جماعت اٹھ کھڑی ہوئی، عیش و راحت کو تج دیا اور دل کے تزکیہ اور روحوں کی تطہیر کے لیے اپنی پوری کوشش کر ڈالی۔ ان کی کوششوں کا مرکز و محور صرف یہی تھا کہ دلوں کو حبِّ دنیا کی آلائشوں سے پاک کر دیا جائے، کیوں کہ دنیا کی محبت ہی ہر برائی کی جڑ ہے، حُبُّ الدُّنْیَا رَأْسُ کُلِّ خَطِیْئَۃٍ، جب کہ چار دن کی زندگی ہے پھر لوٹ کر اسی خالق و مالک کی بارگاہ میں حاضر ہونا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

زُیِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَ الْبَنِیْنَ وَ الْقَنَاطِیْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَ الْفِضَّةِ وَ الْخَیْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَ الْاَنْعَامِ وَ الْحَرْثِ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَ اللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ۔

(آل عمران: ۱۴)

لیکن آج سب کچھ بدل چکا ہے۔ظاہر و باطن بدل گئے ہیں،علم و عمل رخصت ہو چکے ہیں، مسجدوں میں شور اور ہنگامے ہیں،قلوب نفرتوں سے بھرے ہوئے ہیں،عبادت خانے روشن اور دل تاریک ہیں، قبریں آراستہ ہیں مگر دل آلودہ، نہ نماز رہی نہ روزہ رہا، نہ دعا رہی نہ سلام،لوگ تکفیر میں پر جوش اور ایمان میں متساہل ہیں،عوام لادینیت کے سیلاب میں بہی جا رہی ہے اور علما تکفیر و تضلیل کے تھپیڑوں میں ہچکولے کھا رہے ہیں، دل سخت ہو چکے ہیں، آنکھیں خشک ہو چکی ہیں اور نفوس گندے ہو چکے ہیں۔تشدد، انتہا پسندی اور تخریب کا بازار گرم ہے۔

الحاصل صحیح معنوں میں نہ دلوں میں ایمان رہا، نہ جسموں پر اسلام رہا اور نہ روحوں میں احسان رہا، دین کے نام پر صرف چند رسمیں باقی رہ گئیں۔ ہمارے نوجوان دنیا کے بے رحم پنجوں میں گرفتار ہیں، لمحے بھر کے لیے بھی دنیا سے انھیں فرصت نہیں، ان کے پاس ذکر و عبادت کا وقت نہ رہا، یہ آج کی ایک عام شکایت ہے۔ایسا لگتا ہے کہ روح مغلوب ہو چکی ہے، چہروں کی تزئین اور جسموں کی آرائش ہی نئی نسل کے لیے سب کچھ ہے، انھوں نے اس چند روزہ زندگی کو عیش و عشرت اور آزادی کے ساتھ جینے کی ٹھان رکھی ہے۔جمہوریت آئی اور اپنے ساتھ مکمل آزادی لے کر آئی، یہاں تک کہ دین سے آزادی، حیا، شرافت اور اخلاق سے بھی آزادی، یہ ساری باتیں ہمارے اس موقف کو مضبوط کرتی ہیں کہ آج، کل کی بہ نسبت تصوف کی زیادہ ضرورت ہے۔

یہاں ایک جماعت ان کی بھی ہے، جو اپنے آپ کو سلف کی طرف منسوب کرتے ہیں اور اپنی چھوٹی سی ٹکڑی کے سوا باقی پوری امت کی تکفیر کرتے ہیں اور ایک جماعت ان کی ہے جو اپنے آپ کو صوفیا صافیہ کی طرف منسوب کرتے ہیں۔صوفیا کی صورت میں بھی ہوتے ہیں مگر صوفیا کی سیرت و معنی سے کوسوں دور ہوتے ہیں۔

تصوف کی طرف واپسی کا ایک بڑا داعیہ مسلمانوں کی صفوں میں انتشار اور دراڑوں کا پڑ جانا بھی ہے، بغض و کینہ، بدگمانی اور تفسیق و تضلیل کا بڑھ جانا بھی اس ذیل میں شامل ہے۔ یہ وہ مشکلات ہیں جو وحدتِ امت کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں اور ان کا حل صرف ایک ہے اور وہ ہے دلوں کا تزکیہ جو علم تصوف اور صحبت صوفیا سے ہی ممکن ہے۔ امام غزالی کے لفظوں میں صوفیا کی سیرت ہی سب سے اچھی سیرت ہے، ان کا طریقہ ہی سب سے بہتر طریقہ ہے، اور ان کا اخلاق ہی سب سے پاکیزہ اخلاق ہے۔

تصوف کی طرف واپسی کا ایک اہم محرک وہ خطرناک قضیہ بھی ہے، جو ہمارے زمانے میں ظاہر ہوا ہے اور وہ ہے دہشت گردی کا قضیہ۔ بیسویں صدی میں دعوت و اصلاح کے نام پر عالم اسلام میں کئی ایسی تحریکیں اٹھیں، جنھوں نے اپنے عنوان کے برخلاف تخریب و فساد کا کام کیا، بم پھوڑنا، بلند و بالا عمارتوں کو مسمار کرنا، لوگوں کی جانیں لینا اور مال و اسباب کو تباہ کرنا اُن کا شیوہ رہا، یہ ایسا ظاہرہ تھا جس نے اسلام کی صورت کو مسخ کر دیا اور

اسے دہشت گردی اور انتہا پسندی کی صورت میں پیش کردیا۔ ان دعوتی فسادی تحریکوں نے نوجوانوں کے دل ودماغ کو مدعو قوم کے خلاف معاندانہ افکار و رجحانات سے بھر دیا۔ انھیں ان قوموں کے خلاف بھڑکا دیا جو قومیں ہماری طرف سے خاص توجہ اور خالص محبت کی مستحق تھیں ، کیوں کہ امت مسلمہ کو خیر امت کے بطور اس لیے برپا کیا گیا ہے تاکہ یہ لوگوں کو بھلائی کا حکم دے اور برائی سے روکے اور یہ کام اسی وقت ممکن ہوگا جب کافۃ الناس کے لیے ہمدردی کے جذبات پیدا ہوں گے۔ داعی کی حیثیت بکریوں کے چرواہے کی ہوتی ہے جو درندوں سے بکریوں کی حفاظت کرتا ہے۔ اگر چرواہا خود ہی بکریوں کا دشمن بن جائے تو پھر بکریوں کا اللہ ہی حافظ ہے۔ جس نے کہا سچ کہا کہ اسلام کی دعوت ، اخلاق کی تلوار اور احسان کی تیر سے عام ہوئی ہے اور جب معاملہ یہ ہے تو ہمارے لیے صرف ایک ہی راستہ ہے کہ اب پھر سے ہم احیائے تصوف کی طرف متوجہ ہوں اور نوجوان دلوں میں خلق وخیر اور حب واصلاح کی روح پھونک دیں۔

اب سب سے اہم مسئلہ اور سب سے پہلا سوال یہ ہے کہ عصر حاضر میں احیائے تصوف کا طریقہ کیا ہے؟ بلکہ احیا کی ضرورت ہی کیا ہے جب کہ عالم اسلام کے طول و عرض میں اور ملک کے کونے کونے میں صوفی خانقاہیں قائم ہیں، بے شمار محافل کا انعقاد ہو رہا ہے، مزامیر اور بے مزامیر محافل سماع رائج ہیں، قبریں آراستہ ہیں، حلقے لگے ہوئے ہیں، پھر یہ سب ہوتے ہوئے احیائے تصوف کا کیا مطلب ہے اور اس کے لیے تن دہی اور دماغ سوزی کی کیا حاجت اور کسی تحریک و انقلاب کا کیا مطلب؟ یہ کوشش تو لاحاصل ہے، یہ تو اندھیرے میں تیر چلانے کے ہم معنی ہے۔

ہم اس سوال کے جواب میں یہ کہیں گے کہ معاملہ ایسا نہیں ہے۔ بے شک تصوف کا لفظ موجود ہے اور یقیناً اس امت کی اکثریت اپنے آپ کو تصوف سے منسوب کرتی ہے، لیکن لفظ کبھی بھی معنی کے لیے کافی نہیں ہوتا اور انتساب اتباع کو نہیں بتاتا۔ احیائے تصوف کے لیے بہ تدریج ہمیں کئی ایک محاذ پر کام کرنا ہوگا، مثلاً:

۱۔ تزکیۂ نفس: اللہ کے رسول ﷺ نے اپنے سینے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا تھا: اَلتَّقْوٰی ھٰهُنَا۔ (صحیح مسلم، باب تحریم ظلم المسلم)

تصوف سب سے پہلے تقویٰ کا نام ہے اور اس کا مقام دل ہے چہرہ نہیں، اس لیے احیائے تصوف کے نام پر سب سے پہلے کرنے کا کام یہ ہے کہ تزکیۂ نفوس کے لیے ارادی طور پر کوشش کی جائے۔

۲۔ حسن اخلاق: مشائخ نے کہا ہے:

اَلتَّصَوُّفُ خُلُقٌ فَمَنْ زَادَ عَلَيْكَ فِي الْخُلُقِ زَادَ عَلَيْكَ فِي التَّصَوُّفِ۔ تصوف مکمل اخلاق کا نام ہے، لہٰذا جو تم سے اخلاق میں بڑھا ہوا ہے وہ تصوف میں بھی بڑھا ہوا ہے۔ اس لیے احیائے تصوف کے معنی دوسرے مرحلے میں یہ ہیں کہ ہم اپنے آپ کو حسن اخلاق سے آراستہ کریں، اپنے اندر اچھی عادتیں لائیں اور قانون اور

ضابطے کی جگہ اخلاق کی بالادستی کی کوشش کریں، جب تک اخلاق کی بالا دستی نہیں ہوگی، قانون اور عدالت سے امن وسلامتی کے مسئلے حل نہیں ہوں گے۔

۳۔خدمت خلق: تصوف تزکیہ واخلاق کے بعد محبت اور انفاق پر زور دیتا ہے۔ یہ بندوں کو عیال اللہ کا درجہ دیتا ہے۔ یہ سوچ سماج میں سکون قائم کرتی ہے اور بطور خاص امت مسلمہ میں اتحاد کی راہ ہموار کرتی ہے۔ دوسری طرف اس سے نئے زمانے میں اسلامی دعوت کی راہ ہموار ہوتی ہے: کیوں کہ یہ زمانہ قبائلی اور قومی تعصبات سے آزاد ہو چکا ہے بلکہ بڑی حد تک دینی تعصبات سے بھی آزاد ہو چکا ہے اور یہ نتیجہ ہے نئے علم کی روشنی اور نئے سماج کی تشکیل کا۔ نیا سماج، کثیر لسانی، کثیر دینی اور کثیر ثقافتی سماج ہے۔ زمین کی وسعت سمٹ چکی ہے۔ ایسی صورت میں جب ہم کسی زبان، مذہب اور ثقافت سے متعلق شخص سے محبت کریں گے تو یہ محبت اسے ہمارے دین سے بھی قریب کرے گی جو دین فطرت ہے، اس طرح دوسری قوموں کے لیے اسلام کا دروازہ کھلے گا اور وہ فوج در فوج دین میں داخل ہوں گی۔ اس لیے ہم پر واجب ہے کہ اس حوالے سے احیائے تصوف کے لیے پوری کوشش کر گزریں۔

عصر حاضر کا ایک مثبت پہلو یہ ہے کہ یہ پورے طور پر تصوف موافق عہد ہے۔ چند سلفی حضرات کے علاوہ کوئی شخص بھی تصوف کا مخالف نہیں ہے۔ بعض متشدد سلفی، صوفیا پر کئی طرح کے الزامات عائد کرتے ہیں۔ مثلاً ترک ظاہر اور ادعائے باطن کا الزام، اسی طرح علم حدیث میں سستی وکاہلی اور انبیا و اولیا کی شان میں غلو پسندی کا الزام، مگر ہمیں زیادہ افسوس ان حضرات پر ہے جو اپنے آپ کو صوفی کہتے ہیں اور سلفیہ کے معاملے میں تحریر و تقریر میں حد سے زیادہ شدت برتتے ہیں۔ وہ طابق النعل بالنعل کے طور پر انتہا پسندی کو انتہا پسندی سے دور کرنے کی کوشش کرتے ہیں، قطع نظر اس سے کہ معاصر سلفی حضرات کا رویہ ان کے بارے میں کیا ہے، ان کا یہ انداز صوفیانہ نہیں ہے۔ داعی اسلام حضرت شیخ ابو سعید شاہ احسان اللہ محمدی صفوی مدظلہ العالی اس سیاق میں فرماتے ہیں: ”ہم صوفیا کے طریقے پر اسلامی انقلاب کے خواہاں ہیں۔“

کیوں کہ احیائے تصوف کا عمل صوفیا کے طریقے پر ہی ممکن ہے۔ لہٰذا ہر وہ شخص جو خود کو جماعت صوفیا کی طرف منسوب کرتا ہے، اس پر لازم ہے کہ سب کے ساتھ حسن سلوک کا معاملہ کرے اور اس میں دوست و دشمن کا فرق بھی نہ رکھے، کیوں کہ اخلاق کی تلوار اور محبت کی تیر دلوں میں پیوست ہو جاتی ہیں اور بغیر کسی جنگ و جدال کے لوگوں کو اپنا قیدی بنا لیتے ہیں۔

موجودہ زمانے میں بعض حضرات وہ بھی ہیں جو سلفیہ کو صوفی اور صوفیا کو سلفی بنانے کے درپے ہیں۔ ڈاکٹر یوسف القرضاوی کہتے ہیں:

میں شخصی طور پر صوفیا کو سلفی بننے اور سلفیوں کو صوفی بننے کی دعوت دیتا ہوں۔ صوفیا موضوع حدیث اور شرکیات و قبوریات سے گریز کر کے سلفیوں کے

احتیاط کو اختیار کریں اور میں سلفیوں سے امیدوار ہوں کہ وہ صوفیا کی رقت وروحانیت اور خشوع قلب کو اختیار کریں۔ (الشرق الاوسط، ۲۲؍دسمبر ۲۰۱۰)

درست یہ ہے کہ صحیح معنوں میں سلفی وہی ہے جس کے دل میں سلف صالحین کی طرح خوف ورجا، نرمی وخشوع اور للّٰہیت ہو، جیسا کہ یہ صفات ہمارے اسلاف کے دلوں میں تھیں۔ اور ایسا شخص عین صوفی ہے۔ اسی طرح صحیح معنوں میں صوفی وہ شخص ہے جو مسلک اسلاف سے وابستہ ہوا، اور سلف کے اس طریقے پر ہو جو کتاب و سنت سے محکم ہے، جیسا کہ سید الطائفہ حضرت جنید بغدادی قدس اللہ سرہٗ کا ارشاد ہے کہ ہمارا طریقہ کتاب و سنت سے محکم ہے۔ (الرسالۃ القشیریہ، جلد:۱، صفحہ:۷۹)

واقع میں صوفی اور سلفی میں کوئی فرق نہیں ہے لیکن یہ اس وقت ہوگا جب یہ دونوں الفاظ اپنے اصلی معنی میں استعمال کیے گئے ہوں، لیکن صوفی کی اصطلاح اگر متصوف اور مستصوف کے لیے ہو، اور سلفی سے مراد متشدد اور دہشت گرد ہو تو یہ معانی ہمارے موضوع سے باہر کے ہیں اور اُس جادۂ مستقیم سے ہٹے ہوئے ہیں، جس کی پیروی ہم پر لازم ہے۔

جہاں تک میں سمجھتا ہوں ممکن ہے کہ قرضاوی صاحب کی دعوت کا مطلوب یہ ہو کہ بندہ ظاہری طور پر کتاب وسنت کے اتباع اور باطنی طور پر اخلاق وزہد سے اپنے دین کو مکمل کرے۔ لہٰذا ایک مومن جو کمال کا مدعی ہے، اس پر لازم ہے کہ وہ صوفیت اختیار کرے جو کہ




تقویٰ، محبت، معرفت اور اخلاق سے عبارت ہے۔ اسی طرح اس پر یہ بھی واجب ہے کہ وہ سلفیت اختیار کرے جو کتاب وسنت اور آثار صحابہ اور طریقۂ اسلاف کے اتباع کا نام ہے، انھیں دونوں کو جمع کرنے سے ہی دین مکمل ہوتا ہے۔ لہٰذا وہ شخص جو صوفیت کا مدعی ہو اور طریقۂ اسلاف سے ہٹا ہوا ہو، یا سلفیت کا دعویدار ہو اور زہد وتزکیہ اور حب ومعرفت سے آراستہ نہ ہو، وہ نہ صوفی ہے اور نہ سلفی، بلکہ صحیح معنوں میں مومن بھی نہیں ہے۔

دوسرے لفظوں میں ہم یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ جس نے تصوف اختیار کیا اور طریق اسلاف کا اتباع نہیں کیا، وہ گمراہ ہے، اور جس نے سلفیت اختیار کی اور زہد وتقویٰ اور اخلاق ومعرفت سے دور رہا، وہ سرکش وخودسر ہے۔

□□□


ڈاکٹر ذیشان احمد مصباحی

**استاذ و محقق:** جامعہ عارفیہ، سید سراواں، کوشامبی

Mob:+91 9910644086

Email: zishanmisbahi@gmail.com

# شب براءت



ڈاکٹر جہاں گیر حسن مصباحی

اللہ رب العزت نے جب سے حضرت انسان کو پیدا کیا تبھی سے حق و باطل کی جنگ جاری ہے، جس کی اصل وجہ یہ ہے کہ باطل پرست کبھی یہ نہیں چاہتا ہے کہ حق پرست پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو، یا اُسے انعام الٰہی ملے۔ چناں چہ اللہ تعالیٰ نے جب حضرت آدم کو شرافت وکرامت جیسے انعامات سے سرفراز فرمایا، تو ابلیس یہ دیکھ کر تلملا اٹھا کہ معلم الملکوت ہونے کے بعد بھی اُسے وہ مقام ومرتبہ نہیں مل سکا جو مقام ومرتبہ ایک ہی آن میں حضرت آدم علیہ السلام کو بخشش دیا گیا۔ اِس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ابلیس نے غرور وتکبر اور احساس برتری کے باعث حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے سے انکار کر دیا اور اُسی دن سے ابلیس، بنی آدم کے جان وایمان کا دشمن ہو گیا۔

یہاں ایک بات یہ بھی ذہن میں محفوظ کر لینے کی ہے کہ ابلیس نے جب حضرت آدم علیہ السلام کو جنت سے نکلوایا تو اُس نے یہ نہیں کہا تھا کہ میں ابلیس ہوں، بلکہ حضرت آدم علیہ السلام کو اُن کے خیر خواہ ہونے کا یقین دلا کر اور اللہ تعالیٰ کے نام کا واسطہ دے کر ہی بہلایا تھا، تبھی حضرت آدم علیہ السلام ابلیس کی باتوں میں آئے، جیسا کہ قرآن مقدس میں ہے:

فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَاوٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا وَ قَالَ مَا نَهٰىكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا مِنَ الْخٰلِدِيْنَ۝۲۰ وَ قَاسَمَهُمَاۤ اِنِّيْ لَكُمَا لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ (الاعراف:۲۱)

یعنی شیطان ابلیس، جو اُن کا دشمن بن چکا تھا، اس نے اُنھیں بہکایا اور یہ وسوسہ ڈالا کہ دیکھو! اللہ نے اس کے قریب جانے سے روکا ہے، نہ کہ پھل کھانے سے، اگر آپ دونوں اس درخت کا پھل کھائیں گے تو ہمیشہ کے لیے جنت میں رہیں گے یا فرشتے بن جائیں گے۔ یہی نہیں بلکہ شیطان نے اپنی بات مضبوط کرنے کے لیے اُن سے قسم کھا کر کہا کہ واللہ! میں تمہارا سچا خیر خواہ ہوں۔

اسی طرح آج بھی جو لوگ کسی مومن کو حق سے دور کرنے کی کوشش کرتے ہیں تو وہ بھی مومن ہی کے

لباس میں آتے ہیں اور ایک مومن کو بہکانے کے لیے وہ بھی اللہ و رسول کا نام اور اُن کے فرمودات و ارشادات کا سہارا لیتے ہیں اور سچے پکے خواہ ہونے کا یقین دلاتے ہیں، جس کا اثر یہ ہوتا ہے کہ ابن آدم تذبذب اور کشمکش کا شکار ہو جاتا ہے کہ وہ کریں تو کیا اور نہ کریں تو کیا؟ تقریباً یہی صورت حال جملہ مسلم ممالک میں ہے، جب کہ ہند و پاک میں یہ صورت حال کچھ زیادہ ہے۔

بدقسمتی سے ہم جس ملک وملت اور ماحول وفضا میں جی رہے ہیں، اس میں جتنی بھی جماعتیں ہیں، وہ یا تو شریعت سے اوپر اُٹھ گئی ہیں، یا پھر دین و شریعت میں نقص وفساد پیدا کر رہی ہیں اور لطف کی بات یہ ہے کہ ہر فریق خود کو حق پرست اور دوسرے کو باطل پرست قرار دینے میں اپنی ساری قوت وتوانائی خرچ کر رہا ہے، جب کہ دونوں میں سے کسی کے دعویٰ و دلیل کو وحی الٰہی کا درجہ حاصل نہیں۔

یوں تو ایسے بے شمار اور مختلف دینی وشرعی مسائل ہیں جن میں اختلاف پایا جاتا ہے لیکن سردست ہم ’’شب برأت‘‘ کی حقیقت واضح کریں گے، جس میں نوافل کی کثرت، ایصال ثواب اور مُردوں کے لیے دعائے خیر کرنا باعثِ ثواب ہے، البتہ! اس رات میں کوئی بھی عبادت واجب یا فرض نہیں ہے بلکہ سنت مستحبہ ہے۔ جس کی عدم ادائیگی پر گناہ تو نہیں ہے لیکن اُس کا ادا کرنا حرام و ناجائز بھی نہیں ہے بلکہ اجر وثواب کا باعث ہے۔ جب کہ ایک طبقہ وہ ہے جس کے نزدیک ’’شب برأت‘‘ کی کوئی اصل نہیں ہے، اس میں نوافل اور کسی بھی طرح کا ذکر و اذکار کرنا اس کے نزدیک بدعت وگمراہی ہے۔ اُن کی دلیل یہ ہے کہ ’’شب برأت‘‘ کی عبادتوں کے تعلق سے جتنی بھی حدیثیں ہیں وہ سب ضعیف ہیں، اس لیے اس رات میں نوافل کا اہتمام، تسبیح وتہلیل اور مُردوں کے لیے دعائے خیر کرنا بدعت وگمراہی ہے۔

● اولاً تو مخالفین کا یہ کہنا ہی درست نہیں ہے کہ ’’شب برأت‘‘ کی نوافل اور روزہ کے بارے میں جتنی احادیث وارد ہیں وہ سب ضعیف ہیں، بلکہ اس رات کی عبادتوں کے تعلق سے ضعیف احادیث کے ساتھ حسن احادیث بھی وارد ہیں، جیسے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث جو ’’سنن ابن ماجہ‘‘ میں ہے اور سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث جو ’’مسند بزاز‘‘ میں ہے، جس میں مشرک اور کینہ رکھنے والوں کے سوا تمام مخلوق کی مغفرت کی بات کہی گئی۔ وہ دونوں حدیثیں یہ ہیں:

۱۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: واقعی اللہ تعالیٰ ماہ شعبان کی پندرہویں رات میں خاص تجلی فرماتا ہے اور مشرک اور کینہ رکھنے والوں کے سوا تمام مخلوق کی مغفرت کرفر دیتا ہے۔ إِنَّ اللَّهَ لَيَطَّلِعُ فِي لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ، فَيَغْفِرُ لِجَمِيعِ خَلْقِهِ، إِلَّا لِمُشْرِكٍ أَوْ مُشَاحِنٍ۔ (سنن ابن ماجہ، حدیث: ۱۳۹۰)

۲۔ یارِ غار صداقت کے تاجدار خلیفہ راشد حضرت امیر المومنین سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی

ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب ماہ شعبان کی پندرہویں رات آتی ہے، تو اللہ رب العزت آسمان دنیا پر تجلی فرماتا ہے اور مشرک اور اپنے بھائیوں سے کینہ رکھنے والوں کے سوا تمام بندوں کی مغفرت فرمادیتا ہے۔إِذَا كَانَ لَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ يَنْزِلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى إِلٰى سَمَاءِ الدُّنْيَا فَيَغْفِرُ لِعِبَادِهٖ إِلَّا مَا كَانَ مِنْ مُشْرِكٍ أَوْ مُشَاحِنٍ لِأَخِيهِ۔ (مسند البزار، حدیث: ۸۰)

● دوم یہ کہ اگر بالفرض یہ تسلیم کرلیا جائے کہ ''شب برأت'' کے تعلق سے تمام حدیثیں ضعیف ہیں، پھر بھی یہ لازم نہیں آتا کہ اس موقع پر نفل نماز و روزہ رکھنا گناہ ہے یا ممنوع ہے، کیوں کہ نفل نماز و روزے کی ممانعت پر صحیح یا حسن حدیث تو دور، کوئی ضعیف حدیث بھی وارد نہیں جس سے نفلی عبادات کی ممانعت ثابت ہو۔

● سوم یہ کہ وہ کون سی صحیح، یا حسن حدیث ہے جس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ ''شب برأت'' میں نفل نماز ادا کرنا درست نہیں، یا شریعت کے خلاف ہے۔ بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ نفل نماز ادا کرنے سے اللہ کا قرب حاصل ہوتا ہے، پھر نفل نماز کی ادائیگی بدعت کیسے ہوسکتی ہے؟ اس کے باوجود اگر کوئی جماعت ''شب برأت'' میں مختلف عبادات، مثلاً تسبیح و تہلیل، ذکر و اذکار، ایصال ثواب اور نفل نماز ادا کرنے کو درست نہیں مانتی، تو اس کے سوا کیا کہا جاسکتا ہے کہ وہ دین کے نام پر لوگوں کو گمراہ کر رہی ہے۔

سلف صالحین اور مشائخ عظام نے بھی شب برأت کے موقع پر نوافل کا اہتمام فرمایا ہے۔ بالخصوص مشائخ چشت میں شیخ الاسلام خواجہ فریدالدین گنج شکر قدس سرہٗ اور سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیا قدس سرہٗ اس رات باجماعت نمازِ نفل ادا کیا کرتے تھے۔ اس سلسلے میں خواجہ حسن علا سجزی قدس سرہٗ بیان کرتے ہیں کہ ۲۵ رشوال المرجب ۷۱۲ھ بروز اتوار قدم بوسی کی دولت حاصل ہوئی۔ نفل نماز کا ذکر نکلا، پھر یہ ذکر آیا کہ کیا نفل نمازوں کا جماعت سے پڑھنا کہیں آیا ہے؟ فرمایا: ہاں! آیا ہے، بعض مشائخ اور گزشتہ بزرگوں نے (نفل نماز باجماعت) پڑھی ہے۔ پھر فرمایا: شب برأت کا موقع تھا، شیخ الاسلام شیخ فریدالدین قدس اللہ سرہٗ العزیز نے مجھے حکم دیا کہ اس رات جو نماز پڑھی جاتی ہے اُسے باجماعت پڑھو اور تم امامت کرو، چناں چہ ایسا ہی کیا گیا۔

فوائد الفواد میں مذکور ہے: ''یک شنبہ بست و پنجم ماہِ مذکور سنہ مذکور دولت پای بوس بدست آمد۔ سخن در نمازِ نفل افتاد... لختی سخن دران افتاد کہ نمازِ نوافل بجماعت آمدہ است؟ فرمود کہ آمدہ است۔ بعضی مشائخ و بزرگانِ گزشتہ گزاردہ اند۔ آنگاہ فرمود کہ شب براتی بود۔ شیخ الاسلام شیخ فریدالدین قدس اللہ سرہٗ العزیز مرا فرمود کہ نمازی کہ درین شب آمدہ است بجماعت بگزار و تو امامت کن ہمچنان کردہ شد۔'' (فوائد الفواد، جلد: ۲، مجلس: ۳۷)

علاوہ ازیں جو لوگ شب برات کے تعلق سے تشدد پر آمادہ نظر آتے ہیں اور اُسے بدعت ضالہ کہنے

سے بھی دریغ نہیں کرتے، خود اُن کے عظیم مقتدا و پیشوا علامہ ابن تیمیہ (م:۷۲۸ھ) شب برات کی فضیلت و اہمیت سے متعلق بیان کرتے ہیں کہ شعبان کی پندرہویں رات کی فضیلت میں بہت سی احادیث آئی ہیں اور بہت سے آثارِ صحابہ آئے ہیں اور اسلاف (تابعین، تبع تابعین اور سلف صالحین) سے اُن کی بہت سی کثیر تعداد میں اقوال آئے ہیں اور یہ بات ثابت ہے کہ وہ اس رات میں خصوصی نمازیں پڑھتے اور عبادت کرتے تھے۔ (مجموع فتاویٰ، ۲۳/ ۱۳۲)

اس رات میں عبادت سے متعلق کہتے ہیں کہ جب کوئی انسان نصف شعبان کی رات کو اکیلا یا جماعت کے ساتھ نماز پڑھے جیسا کہ سلف میں سے بہت سارے گروہ اس کا اہتمام کرتے تھے تو یہ بہت خوب ہے۔ (حوالہ سابق، ۲۳/ ۱۳۱)

بعض لوگ اِس موقع پر حلوہ کے لیے بھی ناک بھوں چڑھاتے ہیں کہ اس رات حلوہ پکانا اور کھانا بھی بدعت ہے، یہ بھی سراسر نادانی ہے، کیوں کہ حلوہ ایک کھانے کی چیز ہے جس کو اللہ رب العزت نے اپنے بندوں کے لیے حلال کر رکھا ہے، اسی طرح حلوہ بنانے کو فرض عین یا واجب جاننا بھی نادانی و ناسمجھی ہے بلکہ یہ ایک مباح اور مستحب عمل ہے۔

اب رہ گئی بات ”شب برأت“ کے موقع پر سڑکوں پر گھومنا، پھرنا اور پٹاخے پھوڑنا، تو یہ کسی بھی طرح سے شرعی عمل نہیں ہے، بلکہ یہ خرافات اور حرام ہے

# شَعْبَان
## شَهرٌ تُرفَعُ فيهِ الأعمال

اور اس طرح کے اعمال سے ہر ممکن بچنے کی کوشش کرنی چاہیے، کیوں کہ ایسے اعمال، ثواب کے بجائے عذاب کا باعث بنتے ہیں۔ نیز پٹاخے پھوڑنا غیر اسلامی عمل ہونے کے ساتھ ساتھ ایک طرح سے اسراف بھی ہے اور اِسراف وفضول خرچی کرنے والوں کو شیطان کا بھائی قرار دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

اِنَّ الْمُبَذِّرِیْنَ كَانُوْۤا اِخْوَانَ الشَّیٰطِیْنِؕ وَ كَانَ الشَّیْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا۔ (الاسراء:۲۷)

واقعی فضول خرچی کرنے والے شیطان کے بھائی ہیں اور شیطان اپنے رب کا ناشکرا ہے۔

القصہ! اس مبارک موقع پر زیادہ سے زیادہ نفلی عبادات کا اہتمام، ایصال ثواب اور مُردوں کے لیے دعائے خیر کرنا بہتر ہے۔

□□□

ڈاکٹر جہاں گیر حسن مصباحی
**استاذ و محقق:** جامعہ عارفیہ، سید سراواں، کوشامبی
Mob:+91 9910865854
Email: mjhasan2009@gmail.com

# تحقیقی سیکشن

# غیرِ مسلموں کے ساتھ حسنِ سلوک کی اہمیت



مولانا محمد زکی سعیدی

اسلام دین دعوت ہے۔ اسلام نے مسلمانوں کو محض اسلامی احکام کی بجا آوری کا مکلف نہیں بنایا بلکہ ان احکام کی تبلیغ و اشاعت کی ذمہ داری بھی ان کے سپرد کی ہے۔ چناں چہ مسلمانوں کے لیے جس طرح دین کے احکام وفرامین پر از خود عمل کرنا ضروری ہے ویسے ہی یہ بھی ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ حتی المقدور اُن احکام کو دوسروں تک پہنچانے کی کوشش کریں۔

عملی لحاظ سے دعوت دین کی یہ ذمہ داری جس طرح مسلمانوں کے درمیان انجام دی جائے گی، ویسے ہی غیر مسلموں کے درمیان بھی اس ذمہ داری کو احسن طریقے سے نبھایا جانا ضروری ہے۔ اس لیے کہ رسول اللہ ﷺ صرف مسلمانوں کی طرف مبعوث نہیں کیے گئے تھے بلکہ آپ کی بعثت تمام انسانیت کی طرف ہوئی تھی۔ جس میں ہر نسل، ہر علاقے اور ہر رنگ کے لوگ شامل ہیں۔ چناں چہ اسلامی نقطہ نظر سے روے زمین کے جملہ مسلمان داعی کی حیثیت رکھتے ہیں جب کہ تمام عالم کفر مسلمانوں کے لیے مدعو کی حیثیت رکھتا ہے جن تک حکمت اور موعظت حسنہ کے ساتھ دین کا پیغام پہنچانا مسلمانوں کی اہم ترین ذمہ داری ہے۔

مدعو تک دین کا پیغام پہنچانے کے لیے ضروری ہے کہ داعی کے تعلقات مدعو کے ساتھ خوش گوار ہوں۔ داعی کا اعلی کردار، بہترین سیرت اور حسن سلوک مدعو کو اِس قدر متاثر کر چکا ہو کہ وہ داعی اور اس کے دین کے بارے میں ایک بہتر راے قائم کرنے پر مجبور ہو جائے۔ مدعو کو معاملاتی سطح پر متاثر کیے بغیر اپنی دعوت کو ہرگز موثر نہیں بنایا جا سکتا۔ اس لیے کہ یہ ممکن ہی نہیں ہے کہ مدعو، داعی کی بدکرداری، بد اطواری اور بدسلوکی سے نالاں بھی ہو، اور اس کی دعوت قبول کرنے کے لیے آسانی سے آمادہ بھی ہو جائے۔ لہٰذا بے حد ضروری ہے کہ مسلمانوں کے تعلقات غیر مسلموں کے ساتھ بہترین نوعیت کے ہوں۔ مسلمان اپنی خوش اخلاقی اور اعلی کرداری سے غیر مسلموں پر ایسے اثرات قائم کریں کہ وہ اسلام کی طرف کشش محسوس کرنے لگیں، اور اگر ایسا نہ بھی ہو تو کم از کم ان کے دل اسلام اور مسلمانوں کی عظمت کے معترف ضرور ہو جائیں۔

## ایک غلط فہمی

پچھلے چند سالوں میں ایسی کئی تنظیمیں منصۂ شہود پر آئیں ہیں جنھوں نے اسلام کے نام پر ایسے غیر اسلامی افعال انجام دیے جن کا اسلام سے دور کا بھی واسطہ نہیں تھا۔ یہ تنظیمیں حقیقت میں کچھ بھی ہوں مگر انھوں نے اپنے ظاہر سے خود کو مسلمان ہی ثابت کیا۔ جس کی وجہ سے بعض لوگوں کو عنادا یا پھر غلط فہمی کے طور پر اسلام اور مسلمانوں کے خلاف زبان کھولنے کا موقع مل گیا۔ چناں چہ انھوں نے ان تنظیموں کے ظالمانہ اور دہشت گردانہ اقدامات کو اسلام کی طرف منسوب کرنا شروع کر دیا، اور دنیا کو یہ باور کرانے کی کوشش کی کہ اسلام ہر اس شخص کے ساتھ جو مسلمان نہ ہو، ظلم و بربریت اور تشدد وانتہا پسندی سے پیش آنے کی تعلیم دیتا ہے۔ ان کا یہ دعوی سراسر جھوٹ اور افترا پردازی پر مبنی ہے۔ اسلام نے ہمیشہ پُر امن لوگوں کے ساتھ محبت ورواداری اور توسع واعلی ظرفی کے ساتھ پیش آنے کی تعلیم دی ہے۔ اسلام اس بات کی قطعا اجازت نہیں دیتا کہ پُر امن لوگوں کی جان ومال یا عزت وآبرو پر دست درازی کی جائے۔

آنے والے صفحات میں کتاب وسنت اور آثار وروایات کی روشنی میں یہ ثابت کیا جائے گا کہ دین اسلام میں غیر مسلموں کے ساتھ تعلقات کی بنیاد جبر وتشدد اور ظلم وانتہا پسندی پر نہیں بلکہ حسن سلوک پر رکھی گئی ہے۔ مذہبی آزادی، عدل وانصاف، توسع ورواداری، بقائے باہمی، حسن سلوک اور خیر خواہی وہ بنیادیں ہیں جن پر مسلمانوں کو پُر امن غیر مسلموں کے مقابلے میں کاربند رہنے کے لیے مہمیز کیا گیا ہے۔ البتہ! جو لوگ مسلمانوں سے ان کے دین کی بنا پر جنگ کر رہے ہوں اور ان کو صفحہ ہستی سے مٹانے کے لیے کوشاں ہوں، ایسے لوگوں کے شر کو دفع کرنے نیز اپنے جان ومال اور عزت وآبرو کی حفاظت کے پیش نظر اسلام نے قوت واستطاعت کی شرط کے ساتھ جہاد وقتال اور شدت وغلظت برتنے کی تعلیمات بھی دی ہیں۔

حربی کفار کے مخصوص احکام سے قطع نظر ہم ذیل میں اُن بنیادی تصورات پر روشنی ڈال رہے ہیں جو ہمیں اسلام نے پُر امن غیر مسلموں کے ساتھ معاملات کے سلسلہ میں عطا کیے ہیں، مثلاً:

### ۱- رحمت ومہربانی

ہم جس خداوند عالم کے پرستار ہیں وہ نہایت رحیم وکریم ہے۔ انسان ہو کہ جانور، مومن ہو کہ کافر، اس کی رحمت سب کو محیط ہے۔ خاکدان گیتی پر بسنے والا کوئی ذی روح ایسا نہیں ہے جو اُس کی عنایتوں اور نوازشوں سے فیض یاب نہ ہو۔

خدائے بزرگ وبرتر نے قرآن مجید میں خود اپنی رحمت ومہربانی کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا:

وَرَحْمَتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ (الاعراف:۱۵۶)

میری رحمت ہر شے کو محیط ہے۔

یونہی نبی کریم ﷺ کو بھی اللہ تعالی نے مجسم رحمت بنا کر مبعوث فرمایا تھا۔ قدم قدم پر آپ نے خلق خدا

کے ساتھ جس قدر رحمت وشفقت کا مظاہرہ فرمایا ہے، تاریخ اس کی نظیر پیش کرنے سے قاصر ہے۔ قرآن مجید اور کتب حدیث و سیرت میں آپ کے رحیمانہ کردار کی بے شمار شہادتیں موجود ہیں۔ اللہ پاک نے آپ کو رحمۃ للعالمین قرار دیا ہے اور آپ خود اپنے بارے میں فرماتے ہیں:

إنما أنا رحمة مهداة۔ (شعب الایمان، ۳/ ۴۴)

ترجمہ: میں (اللہ کی جانب سے) بھیجی گئی ایک رحمت ہوں۔

اللہ ورسول کو اہل ایمان سے بھی یہ مطلوب ہے کہ وہ بھی اپنے اندر رحمت و مہربانی کی صفت پیدا کریں اور بلا تفریق تمام خلق خدا کے ساتھ رحمت وشفقت سے پیش آئیں۔ اس سلسلے میں نبی کریم ﷺ سے متعدد ارشادات منقول ہیں جن میں سے چند قارئین کی خدمت میں پیش کیے جا رہے ہیں۔ امام ترمذی، امام ابوداؤد اور امام احمد بن حنبل روایت کرتے ہیں:

عن عبد الله بن عمرو - رضي الله عنهما - قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الراحمون يرحمهم الرحمن، ارحموا من في الأرض يرحمكم من في السماء۔ (سنن ابي داود، حديث: ۴۹۴۱، سنن الترمذي، حديث: ۱۹۲۴)

ترجمہ: حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ رحم کرنے والوں پر اللہ تعالی رحم فرماتا ہے۔ (اے لوگو!) زمین والوں پر رحم کرو! آسمان والا تم پر رحم کرے گا۔

اس حدیث میں قابل توجہ لفظ مَنْ ہے۔ عربی قواعد کے اعتبار سے لفظ مَنْ عموم پر دلالت کرتا ہے۔

چناں چہ اس حدیث کا مصداق روئے زمین کی تمام مخلوق ہوگی، اور حدیث کا مطلب یہ ہوگا کہ اے لوگو! (مستثنیات کو چھوڑ کر) روے زمین پر جس قدر مخلوق بشمول غیر مسلمین موجود ہے تمام کے ساتھ رحمت و مہربانی کے ساتھ پیش آؤ۔

علامہ علی قاری رحمہ اللہ نے اس حدیث کی شرح ووضاحت کے طور پر علامہ طیبی رحمہ اللہ کا یہ قول نقل کیا ہے:

قال الطيبي: أتى بصيغة العموم؛ ليشمل جميع أصناف الخلق فيرحم البر والفاجر والناطق والبهم والوحوش والطير۔

"نبی کریم ﷺ نے صیغہ عموم استعمال کیا ہے تاکہ اس حکم میں مخلوق کی تمام انواع واقسام شامل ہوجائیں۔ چناں چہ (اس حدیث کے تقاضے کے طور پر) نیک و بد، ناطق و بے زبان؛ چرند و پرند سب پر رحم کیا جائے گا۔" (مرقاۃ المفاتیح: ۸/ ۳۱۱۳)

امام بخاری نے اپنے شہرہ آفاق مجموعہ احادیث میں ایک باب بَابُ رَحْمَةِ النَّاسِ وَ الْبَهَائِمِ کے عنوان سے قائم کیا ہے۔ جس میں آپ نے انسانوں اور جانوروں کے ساتھ رحمت وشفقت سے پیش آنے کے سلسلے میں چھ حدیثیں نقل کی ہیں۔ اُن حدیثوں پر شارح بخاری علامہ ابن بطال مالکی نے نہایت خوب صورت تبصرہ کیا ہے۔ تبصرے کی اہمیت وافادیت کے پیش نظر علامہ ابن حجر عسقلانی نے بھی اختصار کے ساتھ اسے فتح الباری میں نقل کیا ہے۔ ہم پہلے بخاری شریف کے اس باب کی

طوالت سے بچنے کے لیے محض تین احادیث نقل کریں گے ۔بعد ازاں علامہ ابن بطال مالکی کے تبصرے کو قارئین کی خدمت میں پیش کریں گے۔

**پہلی حدیث:** أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاةٍ وَقُمْنَا مَعَهُ، فَقَالَ أَعْرَابِيٌّ وَهُوَ فِي الصَّلَاةِ: اللَّهُمَّ ارْحَمْنِي وَمُحَمَّدًا، وَلَا تَرْحَمْ مَعَنَا أَحَدًا، فَلَمَّا سَلَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْأَعْرَابِيِّ: لَقَدْ حَجَّرْتَ وَاسِعًا، يُرِيدُ رَحْمَةَ اللهِ.

(صحیح البخاری، حدیث:۶۰۱۰)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ ایک نماز کے لیے کھڑے ہوئے اور ہم بھی آپ کے ساتھ کھڑے ہوئے۔دورانِ نماز ایک اعرابی نے کہا کہ اے اللہ! مجھ پر اور محمد (ﷺ) پر رحم کر اور ہمارے ساتھ کسی اور پر رحم نہ کر۔ جب نبی کریم ﷺ نے سلام پھیرا تو دیہاتی سے فرمایا کہ تم نے ایک وسیع چیز کو تنگ کر دیا۔اس سے آپ کی مراد اللہ کی رحمت سے تھی۔

**دوسری حدیث:** عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ غَرَسَ غَرْسًا، فَأَكَلَ مِنْهُ إِنْسَانٌ أَوْ دَابَّةٌ، إِلَّا كَانَ لَهُ بِهِ صَدَقَةٌ.

(صحیح البخاری، حدیث: ۶۰۱۲)

ترجمہ: نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اگر کسی مسلمان نے کوئی پودا لگایا۔پھر اس پودے سے کسی جانور یا انسان نے کچھ کھایا تو یہ اس کے لیے صدقہ ہوگا۔

**تیسری حدیث:** عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ لَا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ۔ (صحیح البخاری: ۶۰۱۳)

ترجمہ: نبی کریم ﷺ سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جو (مخلوق پر) رحم نہیں کرتا۔اس پر (خالق کی طرف سے) رحم نہیں کیا جاتا۔

اب علامہ ابن بطال مالکی رحمہ اللہ کا تبصرہ پڑھیے۔آپ فرماتے ہیں: فى هذه الأحاديث الحض على استعمال الرحمة للخلق كلهم كافرهم ومؤمنهم ولجميع البهائم والرفق بها. وأن ذلك مما يغفر الله به الذنوب ويكفر به الخطايا، فينبغى لكل مؤمن عاقل أن يرغب فى الأخذ بحظه من الرحمة، ويستعملها فى أبناء جنسه وفى كل حيوان، فلم يخلقه الله عبثًا، وكل أحد مسئول عما استرعيه وملكه من إنسان أو بهيمة لاتقدر على النطق وتبيين مابها من الضر، وكذلك ينبغى أن يرحم كل بهيمة وإن كانت فى غير ملكه، ألا ترى أن الذى سقى الكلب الذى وجده بالفلاة لم يكن له ملكًا فغفر الله له بتكلفة النزول في البئر وإخراجه الماء فى خفه وسقيه إياه، وكذلك كل مافى معنى السقى من الإطعام، الا ترى قوله عليه السلام: (ما من مسلم غرس غرسًا فأكل منه إنسان أو دابة إلا كان له صدقة). مما يدخل فى معنى سقى البهائم وإطعامها التخفيف عنها فى أحمالها وتكليفها ماتطيق حمله، فذلك من رحمتها والإحسان اليها، ومن ذلك ترك التعدى فى ضربها وأذاها وتسخيرها فى الليل وفى غير أوقات السخرة، وقد نهينا فى العبيد أن نكلفهم الخدمة فى الليل فإن لهم الليل ولمواليهم النهار، والدواب وجميع البهائم داخلون فى هذا المعنى۔ (شرح صحیح البخاری لابن بطال: ۹/۲۱۹)

ترجمہ: ان تمام احادیث میں اس امر پر اُبھارا جا رہا ہے کہ تمام مخلوق پر خواہ مومن ہو یا کافر رحم کیا جائے

اور تمام جانوروں کے ساتھ نرمی اور رحم دلی کے ساتھ پیش آیا جائے۔ یہ احادیث اس امر پر بھی دلالت کر رہی ہیں کہ ایسا کرنے سے اللہ تعالیٰ گناہوں کو بخشتا ہے اور خطاؤں کو مٹاتا ہے۔ چناں چہ ہر عقل مند صاحب ایمان کو چاہیے کہ وہ رحمت ومہربانی سے اپنا حصہ لینے کی کوشش کرے اور نہ صرف انسانوں بلکہ جانوروں کے ساتھ بھی رحمت ومہربانی کے ساتھ پیش آئے۔ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے جانوروں کو بھی عبث پیدا نہیں کیا ہے، اور اگر کسی شخص کو کسی انسان یا کسی جانور جو نہ بول سکتا ہے نہ اپنی تکلیف کا اظہار کر سکتا ہے، کی حفاظت ونگرانی کی ذمہ داری یا ملکیت عطا کی گئی تو (وہ یاد رکھے کہ) اس سے بروزِ حشر اُس کے متعلق سوال کیا جائے گا۔ یونہی ہر شخص کو چاہیے کہ وہ ہر جانور پر رحم کرے اگر چہ وہ اس کی ملکیت میں نہ ہو۔ کیا آپ نہیں دیکھتے کہ وہ شخص جس نے جنگل میں ملے ایک (پیاسے) کتے کو جو اُس کی ملکیت میں نہیں تھا، پانی پلایا تو اللہ تعالیٰ نے اس مشقت کے عوض جو اُس نے کنویں میں اُتر کر، موزے میں پانی بھر کر کتے کو پلانے میں اٹھائی تھی، اُسے بخش دیا۔ یہی فضیلت اس فعل کی بھی ہوگی جو پانی پلانے کے معنی میں ہے، جیسے کھانا کھلانا۔ کیا آپ نبی کریم ﷺ کا یہ فرمان نہیں دیکھتے کہ "اگر کسی مسلمان نے پودا لگایا پھر اُس پودے سے کسی جانور یا انسان نے کچھ کھایا تو یہ اس کے لیے صدقہ ہوگا۔" جانوروں کو کھلانے پلانے ہی کے معنی میں یہ بات بھی داخل ہے کہ ان کے بوجھ میں تخفیف کی جائے اور اُن پر اتنا ہی بوجھ ڈالا جائے جتنے کی وہ استطاعت رکھتے ہوں۔ یہ بھی ان پر رحم اور مہربانی کرنے کی ایک شکل ہے۔ جانوروں پر رحم کرنے کی ایک اور شکل یہ بھی ہے کہ انھیں مارنے اور تکلیف پہنچانے میں زیادتی نہ کی جائے۔ زیادتی کا یہ پہلو رات کے وقت یا کام کے اوقات کے علاوہ کسی اور وقت میں ان سے کام لینے کے سلسلے میں بھی مدنظر رکھا جائے۔ ہمیں اس بات سے منع کیا گیا ہے کہ ہم غلاموں سے رات کے وقت کوئی خدمت لیں۔ رات کا وقت خاص ان کے لیے ہے اور دن کا وقت ان کے سرپرست کے لیے۔ تمام جانور اور چوپائے بھی اسی معنی میں داخل ہیں۔

علامہ ابن بطال مالکی رحمۃ اللہ علیہ نے بخاری شریف کی مذکورہ بالا احادیث پر جو تفصیلی تبصرہ کیا ہے اس سے درج ذیل امور واضح ہوتے ہیں، مثلاً:

۱۔ تمام خلق خدا پر اگر چہ غیر مسلم ہی کیوں نہ ہو، رحم کرنا چاہیے۔

۲۔ محض انسان ہی نہیں بلکہ جانوروں کے ساتھ بھی رحمت ومہربانی سے پیش آنا چاہیے۔

۳۔ مخلوق کے ساتھ رحمت ومہربانی کے ساتھ پیش آنے پر اللہ تعالیٰ گناہوں کی بخشش فرما دیتا ہے۔

۴۔ جانوروں پر اُن کی استطاعت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالنا، اُن کے ساتھ بے جا زدوکوب نہ کرنا اور اُن کے آرام کے اوقات میں اُن سے کام نہ لینا، نیز اُن کو کھلانا پلانا، یہ تمام امور رحمت ومہربانی کے مفہوم میں داخل ہیں۔

۵۔مملوک ہو یا غیر مملوک ہر جانور کے ساتھ رحم کرنے پر اللہ کی طرف سے اجر ملے گا۔

مذکورۃ الصدر احادیث اور اُن کی شرح و وضاحت کے طور پر شارحین حدیث کے جو اقوال نقل کیے گئے ہیں، اُن سے یہ بات بخوبی واضح ہوجاتی ہے کہ ایک مسلمان صحیح معنی میں اسی وقت مسلمان ہوگا جب کہ وہ بلاتفریق تمام خلق خدا کے ساتھ رحمت ومہربانی کے ساتھ پیش آئے۔جس شخص کے دل میں رحم نام کی کوئی چیز نہ ہو، ایسے شخص کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بدبخت قرار دیا ہے۔چناں چہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

لاتنزع الرحمۃ الامن قلب شقی۔(سنن الترمذی، حدیث: ۱۹۲۳) رحم اُسی کی دل سے نکالا جاتا ہے جو بدبخت ہوتا ہے۔

یہاں یہ بات پیش نظر رہے کہ کفار کے ساتھ جہاد وقتال کرنے نیز اُن کے ساتھ شدت وغلظت سے پیش آنے کا جو حکم قرآن مجید میں دیا گیا ہے وہ حربی کفار سے متعلق ہیں۔علاوہ ازیں یہ حکم بھی اس وقت ہے جب کہ مسلمان حالت قوت میں ہوں اور اُن کو اِس بات کا غالب گمان ہو کہ وہ متحارب کفار کے فساد کو دفع کرلیں گے۔

**۲-عدل وانصاف**

کسی بھی معاشرے میں امن وامان قائم کرنے کے لیے پہلے عدل وانصاف کا قیام از حد ضروری ہے۔عدل وانصاف کے قیام کے بغیر کوئی بھی معاشرہ ہرگز ایک ترقی یافتہ معاشرہ نہیں بن سکتا۔ بلکہ واقعہ یہ ہے کہ جن معاشروں میں ظلم وزیادتی کو فروغ دیا جاتا ہے، وہ بالآخر روبہ زوال ہوکر تباہ وبرباد ہوجاتے ہیں۔

بریں بنا اسلام میں عدل وانصاف کے قیام پر بہت زیادہ زور دیا گیا ہے۔قرآن مجید میں بڑے واضح انداز میں بتایا گیا ہے کہ ہمیں بہر صورت عدل وانصاف پر قائم رہنا ہے اگرچہ اس کی زد خود ہم پر، ہمارے والدین پر اور ہمارے رشتہ داروں پر ہی کیوں نہ پڑتی ہو۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا كُوۡنُوۡا قَوّٰمِيۡنَ بِالۡقِسۡطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوۡ عَلٰٓى اَنۡفُسِكُمۡ اَوِ الۡوَالِدَيۡنِ وَالۡاَقۡرَبِيۡنَ (النساء:۱۳۵)

ترجمہ:اے ایمان والو!عدل وانصاف پر مضبوطی سے جم جانے والے اور خوشنودی مولا کے لیے سچی گواہی دینے والے بن جاؤ! اگرچہ اُس کی زد خود تمہاری اپنی ذات پر، یا تمہارے والدین اور تمہارے رشتے داروں پر ہی کیوں نہ پڑتی ہو۔

اگر کبھی کسی قضیہ کو لے کر دو فریق کے درمیان فیصلہ کرنے کی نوبت آجائے تو اُس وقت بھی فیصل پر لازم وضروری ہے کہ وہ کسی ایک فریق کی طرف جھکے بغیر عدل وانصاف کے ساتھ فیصلہ صادر کرے۔ چناں چہ اللہ تعالیٰ اس سلسلے میں خصوصی ہدایت دیتے ہوئے فرماتا ہے:وَاِذَا حَكَمۡتُمۡ بَيۡنَ النَّاسِ اَنۡ تَحۡكُمُوۡا بِالۡعَدۡلِ۔ (النساء:۵۸)

ترجمہ:جب تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو عدل وانصاف کے ساتھ فیصلہ کرو۔

یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ اسلام نے صرف مسلمانوں کے ساتھ ہی عدل اختیار کرنے کا حکم نہیں دیا بلکہ اسلام کا نظامِ عدل سب کے لیے عام ہے حتیٰ کہ وہ غیر مسلم بھی اس سے مستثنیٰ نہیں ہیں جو مسلمانوں سے شدید ترین دشمنی رکھتے ہوں۔ چناں چہ اللہ تعالیٰ نے اس سلسلے میں بھی خصوصی ہدایات دیتے ہوئے فرمایا:

وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا اعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ (المائدۃ:۸)

ترجمہ: اور کسی قوم کی دشمنی بھی تمھیں اس پر نہ ابھارے کہ انصاف سے پھر جاؤ۔ انصاف کرو، یہ تقویٰ سے زیادہ قریب ہے اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ بے شک، اللہ تمہارے ہر عمل سے باخبر ہے۔

اس آیت کی تفسیر میں علامہ ناصر الدین بیضاوی تحریر فرماتے ہیں:

والمعنى لا يحملنكم شدة بغضكم للمشركين على ترك العدل فيهم فتعتدوا عليهم بارتكاب ما لا يحل، كمثلة وقذف وقتل نساء وصبية ونقض عهد تشفياً مما في قلوبكم. اعْدِلُوا هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَى أي العدل أقرب للتقوى، صرح لهم بالأمر بالعدل وبين أنه بمكان من التقوى بعد ما نهاهم عن الجور وبين أنه مقتضى الهوى، وإذا كان هذا للعدل مع الكفار فما ظنك بالعدل مع المؤمنين۔ (تفسیر البیضاوی: ۲/۱۱۷)

ترجمہ: آیتِ کریمہ کے معنی یہ ہیں کہ (اے مسلمانو!) مشرکین (مکہ) کے تعلق سے تمہارے اندر جو شدید بغض موجود ہے وہ تمھیں اس بات پر نہ اُبھارے کہ تم عدل ترک کردو اور حرام چیزوں کے مرتکب ہو کر ان پر زیادتی کر بیٹھو، مثلاً تم اپنے دلوں کو تسلی دینے کی خاطر اُن کی لاشوں کو بگاڑو، اُن پر جھوٹی تہمت لگاؤ، اُن کی عورتوں اور بچوں کو قتل کرو یا عہد شکنی کرو۔

علامہ ناصر الدین بیضاوی نے اس آیت کی تفسیر اس خاص آویزش کے تناظر میں کی ہے جو عہدِ نبوی میں مسلمانوں اور مشرکینِ مکہ کے درمیان موجود تھی۔ چناں چہ علامہ بیضاوی کے مطابق مسلمانوں کو حکم دیا گیا کہ اگرچہ مشرکینِ مکہ کی انتہا پسندی اور زیادتی کے باعث مسلمانوں کے دلوں میں اُن کے تعلق سے شدید بغض پیدا ہو گیا ہے، لیکن خبردار! اُن کا یہ بغض بھی انھیں عدل کے تقاضوں سے منحرف نہ ہونے دے۔ چناں چہ مسلمان ان پر جھوٹی تہمتیں نہ لگائیں، اگر مسلمانوں اور ان کے درمیان جنگ ہو جائے تو مسلمانوں کو چاہیے کہ ان کے بچوں اور عورتوں پر ہاتھ نہ اٹھائیں، اور اگر کوئی مشرک قتل ہو جائے تو غیظ وغضب میں آکر اس کی لاش کو نہ بگاڑیں۔ اسی طرح اگر کوئی معاہدہ ہو گیا ہو تو بہر قیمت اپنے معاہدے کی پاسداری کریں۔

یہ اسلام کا شاندار نظامِ عدل ہے جس کا اطلاق نہ صرف یہ کہ اپنوں بلکہ پرایوں پر بھی یکساں طور پر ہوتا ہے۔ اس نظامِ عدل کے مطابق مسلمانوں کو نہ صرف یہ کہ مسلمانوں بلکہ ان غیر مسلموں کے ساتھ بھی عدل وانصاف سے پیش آنے کا حکم ہے جو مسلمانوں کی تباہی

وبربادی میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرتے ہوں۔ غور کرنے کی بات یہ ہے کہ جب مسلمانوں کو محارب غیر مسلموں کے ساتھ عدل کے ساتھ پیش آنے کا حکم دیا گیا ہے تو وہ غیر مسلمین جو مسلمانوں سے صلح وآشتی کے تعلقات رکھتے ہوں، اُن کے ساتھ انھیں بدرجہ اولیٰ عدل کے ساتھ پیش آنا ہوگا۔

غیر مسلموں کے ساتھ عدل کے حوالے سے کتب حدیث میں ایک بڑی حیرت انگیز روایت نقل کی گئی ہے۔ سنن دار قطنی، مراسیل ابی داود، شرح معانی الآثار اور مسند ابی حنیفہ میں عبد الرحمان بن بیلمانی سے مروی ہے: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِرَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ قَدْ قَتَلَ مُعَاهَدًا مِنْ أَهْلِ الذِّمَّةِ فَأَمَرَ بِهِ فَضُرِبَ عُنُقُهُ وَقَالَ أَنَا أَوْلَى مَنْ وَفَى بِذِمَّتِهِ۔

(شرح معانی الآثار: ۵۰۳۵، المراسیل لابی داود: ۲۵۰، سنن الدارقطنی ۳۲۵۹، مسند ابی حنیفہ، کتاب الحدود، رقم الحدیث ۶)

ترجمہ: نبی کریم ﷺ کے سامنے ایک مسلمان کو لایا گیا جس نے ایک ذمی کو قتل کر دیا تھا، چناں چہ آپ ﷺ کے حکم پر اُس مسلمان کا سر بھی تن سے جدا کر دیا گیا۔ آپ ﷺ نے (اس موقع پر) فرمایا کہ میں اس کے ذِمّے کو پورا کرنے کا زیادہ حق رکھتا ہوں۔

ذِمّی اس غیر مسلم کو کہتے ہیں جو کسی مسلم ریاست میں ٹیکس کی ایک مخصوص رقم دے کر مستقل طور پر سکونت پذیر ہو۔ مسلم ریاست کا مستقل شہری بن جانے کے بعد اس کی جان ومال کو تحفظ فراہم کرنا مسلمانوں کی ایک اہم ذمہ داری بن جاتی ہے۔ عہد نبوی میں ایک ذمی کے قتل کا ناخوشگوار واقعہ پیش آیا، چناں چہ نبی کریم ﷺ نے عدل وانصاف کی ایک اعلیٰ مثال قائم کرتے ہوئے بطور قصاص مسلمان کو قتل کرنے کا حکم صادر فرما دیا۔ ممتاز فقیہ ومجتہد امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ نے اس واقعے سے استدلال کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ اگر کسی مسلم نے کسی غیر مسلم ذمی کو قتل کر دیا تو بطور قصاص اس مسلمان کو قتل کیا جائے گا۔

## ۳- مذہبی آزادی

عقیدے کا تعلق انسان کے قلب سے ہے۔ قلب انسانی جس فکر وخیال سے مطمئن ہوتا ہے اسی کو قبول کر کے اپنا عقیدہ بناتا ہے اور جس نظریے سے انسان کا دل مطمئن نہیں ہوتا وہ اُسے یکسر مسترد کرتا ہے۔ اسی ظاہرے کے پیش نظر اسلام نے ہمیں فروغ دین کے لیے دعوت وتبلیغ کا نظام دیا ہے۔ جس کے مطابق داعی حکمت اور موعظت حسنہ کے ساتھ دیگر مذاہب مثلاً یہودیت، نصرانیت، ہندومت اور بدھ مت وغیرہ کے پیروکاروں کے سامنے دین کی دعوت تو پیش کر سکتا ہے، لیکن اُسے اِس بات کی قطعاً اجازت نہیں ہے کہ وہ پہلے سے اپنے مذاہب پر عمل کر رہے ان غیر مسلموں پر زور زبردستی کر کے اُنھیں داخل اسلام کرنے کی کوشش کرے۔ اس لیے کہ اسلام میں کوئی شخص اس وقت تک صاحب ایمان نہیں بن سکتا جب تک کہ وہ اپنے دل کی گہرائیوں سے اسلام کی صداقت کا معترف نہ ہو جائے۔ محض ظاہری طور پر لایا گیا ایمان جو یقین واذعان کی کیفیت سے عاری ہو اسلام کی نظر میں کوئی وقعت نہیں رکھتا۔

عدم اِکراہ کے اس اصول کو قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے بڑے واضح انداز میں بیان کیا ہے۔ فرمان خداوندی ہے:

لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ۔

(البقرہ:۲۵۶)

ترجمہ: دین میں کوئی زبردستی نہیں، بے شک ہدایت گمراہی سے واضح طور پر ممتاز ہو چکی ہے، سو جو کوئی معبودانِ باطلہ کا انکار کر دے اور اللہ پر ایمان لے آئے تو اس نے ایک ایسا مضبوط حلقہ تھام لیا جس کے لیے ٹوٹنا (ممکن) نہیں، اور اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہے۔

امام نسفی مدارک التنزیل میں اس آیت کی شرح و وضاحت نیز سبب نزول بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

أي لا إجبار على الدين الحق وهو دين الإسلام وقيل هو إخبار في معنى النهي وروي أنه كان لأنصاري ابنان فتنصرا فلزمهما أبوهما وقال والله لا أدعكما حتى تسلما فأبيا فاختصما إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال الأنصاري يا رسول الله أيدخل بعضي في النار وأنا أنظر فنزلت فخلاهما۔ (تفسیر النسفی:۱/۲۱۱)

ترجمہ: آیت کے معنی یہ ہیں کہ دین حق جو کہ دین اسلام ہے، اس پر مجبور نہیں کیا جا سکتا۔ کہا گیا ہے کہ یہ ایک خبر ہے جو نہی کے معنی میں ہے۔ روایت میں آیا ہے کہ ایک انصاری صحابی کے دو بیٹوں نے (اسلام کے بجائے) عیسائی مذہب قبول کر لیا۔ چناں چہ ان کے والد ان دونوں کے پیچھے پڑ گئے اور انھوں نے کہا کہ اللہ کی قسم! میں تمھیں اس وقت تک نہیں چھوڑوں گا جب تک کہ تم دین اسلام قبول نہ کر لو۔ لیکن ان دونوں نے اپنے والد کی بات ماننے سے صاف انکار کر دیا۔ بعد ازاں وہ دونوں اس معاملے کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھی لے گئے۔ (رسول اللہ کے پوچھنے پر) صحابی نے عرض کیا کہ کیا میری آنکھوں کے سامنے میرے ہی بیٹے نار جہنم میں داخل ہو جائیں گے! چناں چہ اسی موقع پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ اس کے بعد صحابی رسول نے اپنے دونوں بیٹوں کو قبولیت اسلام پر مجبور کرنا ترک کر دیا۔

اس سلسلے میں امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حوالے سے بھی ایک دلچسپ واقعہ علامہ ابن سعد نے اپنی سند کے ساتھ الطبقات الکبریٰ میں ذکر کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں: عَنْ أَسْتَقَ قَالَ: كُنْتُ مَمْلُوْكًا لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَأَنَا نَصْرَانِيٌّ، فَكَانَ يَعْرِضُ عَلَيَّ الْإِسْلَامَ وَيَقُوْلُ: إِنَّكَ لَوْ أَسْلَمْتَ اسْتَعَنْتُ بِكَ عَلَى أَمَانَتِي فَإِنَّهُ لَا يَحِلُّ لِي أَنْ أَسْتَعِينَ بِكَ عَلَى أَمَانَةِ الْمُسْلِمِيْنَ وَلَسْتَ عَلَى دِيْنِهِمْ، فَأَبَيْتُ عَلَيْهِ فَقَالَ: لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ، فَلَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ أَعْتَقَنِي وَأَنَا نَصْرَانِيٌّ وَقَالَ: اذْهَبْ حَيْثُ شِئْتَ۔ (الطبقات الکبریٰ،۶/۲۰۲)

ترجمہ: استق سے مروی ہے کہ انھوں نے کہا کہ میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نصرانی غلام تھا۔ وہ مجھے اسلام کی دعوت دیتے ہوئے کہا کرتے تھے کہ اگر تم اسلام قبول کر لیتے تو میں تم سے اپنی امانت کے سلسلے میں مدد لیتا۔ اس لیے کہ میرے لیے جائز نہیں ہے کہ میں تم سے مسلمانوں کی امانت کے سلسلے میں کوئی

مددلوں، حالاں کہ تم ان کے دین پر نہیں ہو۔ میں حضرت عمر کی دعوت کو قبول کرنے سے انکار کر دیتا تو حضرت عمر فرمایا کرتے لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ دین کے معاملے میں کوئی جبر نہیں ہے۔ جب آپ کی وفات کا وقت آیا تو اُنھوں نے مجھے آزاد کر دیا اور فرمایا کہ تم جہاں جانا چاہو جاسکتے ہو، حالاں کہ میں اس وقت نصرانی ہی تھا۔

اس روایت سے کئی باتیں معلوم ہوتی ہیں: اول یہ کہ حضرت عمر نے ایک نصرانی غلام کو اپنے یہاں خدمت پر رکھا۔ دوم یہ کہ آپ نے مسلمانوں کے اہم امور میں اس کی مدد لینے کے لیے اس کے سامنے اسلام پیش تو کیا لیکن روئے زمین کے ایک وسیع ترین خطے کا فرماں روا ہونے نیز اُس شخص کے غلام ہونے کے باوصف آپ نے کبھی اُسے اسلام لانے پر مجبور نہیں کیا۔ سوم یہ کہ آپ نے اپنے آخری وقت میں غیر مسلموں کے ساتھ حسن سلوک کی ایک اعلیٰ مثال قائم کرتے ہوئے اُسے آزاد بھی کر دیا۔

حیرت ہوتی ہے اُن لوگوں کی لاعلمی پر جو اس قدر توسع ورواداری رکھنے والے دین کے بارے میں بڑی آسانی کے ساتھ کہہ دیتے ہیں کہ اُسے بزور شمشیر لوگوں کے دلوں میں اُتارا گیا۔ حقیقت یہ ہے کہ عدم اِکراہ کے اس اسلامی اصول کی مسلم حکومتوں نے ہمیشہ پاسداری کی، اور اپنی غیر مسلم رعایا کو آزادی کے ساتھ اپنے مذہب پر عمل کرنے کی اجازت دی اور انھیں کبھی بھی اسلام قبول کرنے پر مجبور نہیں کیا۔

## ۴- مذہبی مقدسات سے عدم تعرض

اسلامی عقیدے کے مطابق خدائے بزرگ وبرتر صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ وہی تمام صفات کمال کا جامع ہے۔ اس وسیع وعریض کائنات کو بنانے والا بھی وہی ہے۔ اس کائنات میں موجود سامان زیست بھی اسی کا عطا کردہ ہے۔ زندگی وموت کی باگ ڈور بھی اسی کے قبضہ و اختیار میں ہے۔ لہٰذا وہی اس بات کا حق رکھتا ہے کہ صرف اسی کی عبادت وپرستش کی جائے۔ اس کے علاوہ کوئی شے اس امر کی مستحق نہیں کہ اُسے درجۂ الوہیت عطا کیا جائے۔

قرآن مجید میں متعدد مقامات پر اللہ تعالیٰ کی عبادت وپرستش کا حکم دیا گیا ہے اور معبودان باطلہ کے سامنے سربسجود ہونے سے سختی سے منع کیا گیا ہے۔ رہے وہ جھوٹے خدا جن کی معبودیت عقل ونقل ہر دو لحاظ سے قابل تردید ہے، تو اگرچہ وہ فی الواقع خدا نہیں ہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے اُن کو بھی برا بھلا کہنے اور گالی گلوچ کرنے سے منع فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ۔ (الانعام:۱۰۸)

ترجمہ: اور (اے مسلمانو!) تم ان (جھوٹے معبودوں) کو گالی مت دو جنھیں یہ (مشرک لوگ) اللہ کے سوا پوجتے ہیں پھر وہ لوگ (بھی جواباً) جہالت کے باعث ظلم کرتے ہوئے اللہ کی شان میں دُشنام طرازی کرنے لگیں گے۔

ممانعت کی ایک وجہ تو خود قرآن مجید میں بیان کردی گئی ہے۔ وہ یہ کہ غیر مسلم اپنی جہالت و نادانی کے باعث اللہ تعالیٰ کی عظمت و کبریائی سے کماحقہ واقف نہیں ہیں۔ پس اگر مسلمان اُن کے خداؤں کو گالی بکیں گے تو وہ بھی جواب میں اللہ تعالیٰ کی شان میں نازیبا الفاظ استعمال کرنے لگیں گے۔ ممانعت کی ایک دوسری وجہ یہ بھی سمجھ میں آتی ہے کہ مسلمان اس دنیا میں دعوت حق کے تنہا امین ہیں۔ اگر وہ غیر مسلموں کے مذہبی مقدسات کو بُرا بھلا کہیں گے تو اُس کے نتیجے میں غیر مسلم مسلمانوں سے متنفر ہو کر دین حق سے دور ہو جائیں گے۔ حالاں کہ انھیں دین سے قریب کرنا اور اُن تک دین کی دعوت پہنچانا خود مسلمانوں کی ذمہ داری ہے۔ علامہ فخر الدین رازی فرماتے ہیں:

وَفِيهِ تَأْدِيبٌ لِمَنْ يَدْعُو إِلَى الدِّينِ، لِئَلَّا يَتَشَاغَلَ بِمَا لَا فَائِدَةَ لَهُ فِي الْمَطْلُوبِ، لِأَنَّ وَصْفَ الْأَوْثَانِ بِأَنَّهَا جَمَادَاتٌ لَا تَنْفَعُ وَلَا تَضُرُّ يَكْفِي فِي الْقَدْحِ فِي إِلٰهِيَّتِهَا، فَلَا حَاجَةَ مَعَ ذٰلِكَ إِلَى شَتْمِهَا۔ (تفسیر الرازي، ۱۱۰/۳)

ترجمہ: اس حکم میں داعی دین کی تادیب کی گئی ہے تاکہ وہ ایسی چیزوں میں مشغول نہ ہو جن سے حصول مقصود میں کوئی فائدہ نہ ملتا ہو۔ (ان بے جان بتوں پر سب وشتم کرنا بھی بے سود ہے) اس لیے کہ ان کی الوہیت مطعون کرنے کے لیے اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ وہ محض جمادات ہیں جن میں نفع و نقصان پہنچانے کی صلاحیت نہیں ہے۔ اس کے ساتھ انھیں سب وشتم کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

امام رازی کے اس قول سے مزید ایک بات یہ بھی سامنے آئی کہ اگر داعی دین کو مشرکین کے سامنے ان کے شرک کی خرابی واضح کرنی ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ تہذیب وشائستگی کے ساتھ محض ایسے حقائق بیان کردے جن سے شرک کی خرابی واضح ہو جاتی ہو۔ مدعو اپنی زبان پر ہرگز ایسے الفاظ نہ لائے جن سے مدعو کے جذبات مجروح ہونے کا اندیشہ ہو ورنہ اس کی دعوت پہلے مرحلے میں ہی ناکام ہو جائے گی اور مدعو اسلام سے قریب ہونے کے بجائے مزید دور ہو جائے گا۔ حضرت امام کے قول سے ایک دوسری بات یہ بھی سمجھ میں آتی ہے کہ معبودانِ باطلہ کی حقیقت بیان کرنا سب وشتم میں داخل نہیں ہے۔ البتہ! حقیقت بیان کرتے ہوئے بھی موقع ومحل کا خیال ضرور رکھا جائے۔ اس لیے کہ بسا اوقات بات سچ ہوتی ہے لیکن موقع ومحل کی رعایت نہ کرنے کی وجہ سے مخاطب ہدایت تو حاصل نہیں کرتا، البتہ! اپنی گمراہی پر مزید مصر ہو جاتا ہے۔

غیر مسلموں کے خداؤں کو سب وشتم سے روکنے میں ایک حکمت یہ بھی سمجھ میں آتی ہے کہ کرۂ ارض کے بہت سے خطوں میں مخلوط معاشرے پائے جاتے ہیں جہاں پر مسلمان غیر مسلموں کے ساتھ زندگی بسر کر رہے ہوتے ہیں۔ ایسے علاقوں میں کسی گروہ کے مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچانا بسا اوقات بڑا نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔ چشم زدن میں بڑے بڑے فسادات برپا ہو جاتے ہیں اور دیکھتے ہی دیکھتے عامۃ الناس کا ایک بڑا جانی ومالی نقصان ہو جاتا

ہے۔ چناں چہ سورۂ انعام کی یہ آیت کریمہ بقائے امن کے حوالے سے بھی بڑی اہمیت کی حامل ہے۔

## ۵- پُرامن بقائے باہمی

دین اسلام پُرامن بقائے باہمی کا داعی ہے۔ وہ نہ صرف یہ کہ مسلمانوں بلکہ ساتھ میں رہ رہے غیر مسلموں پر بھی ظلم وزیادتی کو ناجائز ٹھہراتا ہے۔ اسلام ہرگز اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ امن کے ساتھ رہ رہے اہل کفر پر ظلم وزیادتی کی جائے یا اُن کو جانی ومالی نقصان پہنچایا جائے۔ بلکہ اسلام نے تو اپنے ماتحت رہنے والے غیر مسلموں کو تقریباً ساڑھے چودہ سو سال قبل ایسے حقوق عطا کیے ہیں جنھیں پڑھ کر عقل انسانی دنگ رہ جاتی ہے اور اسلام کے توسع ورواداری پر عش عش کر اُٹھتی ہے۔ اس سلسلے میں قدرے تفصیل ذیل میں حاضر خدمت ہے، مثلاً:

حضور اکرم ﷺ جب مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لے گئے تو آپ نے وہاں پر نہ صرف ایک اسلامی ریاست کی داغ بیل ڈالی، بلکہ خارجی فتنوں کی سرکوبی اور داخلی امن کو برقرار رکھنے کے لیے اہل اسلام اور دیگر غیر مسلم قبائل کے ساتھ ایک معاہداتی دستور بھی ترتیب دیا۔ اس معاہداتی دستور کو تاریخ میں 'میثاق مدینہ' کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اس میثاق میں اس امر کی صراحت ہے کہ اہل مدینہ خواہ مسلمان ہوں یا غیر مسلم انھیں ایک سیاسی وحدت تسلیم کیا جائے گا۔ سب کو اپنے مذہب پر عمل کرنے کی آزادی حاصل ہوگی اور کسی پر بھی ذرہ برابر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

میثاق کی چند دفعات یہ ہیں:

۱۔ إنهم أمة واحدة من دون الناس۔ (تمام دنیا کے دیگر) لوگوں کے بالمقابل وہ (مسلمان اور باقی غیر مسلم اہل مدینہ اور لواحقین) ایک علاحدہ سیاسی وحدت ہوں گے۔

۲۔ وإنه من تبعنا من يهود فإن له النصر والاسوة غير مظلومين ولا متناصر عليهم۔ اور یہودیوں میں سے جو لوگ ہماری (ریاست مدینہ) اتباع کریں گے اُنھیں مدد اور (جانی ومالی) مساوات حاصل ہوگی، نہ ان پر ظلم کیا جائے گا اور نہ ان کے خلاف کسی کی ناحق مدد کی جائے گی۔

۳۔ وإن يهود بني عوف أمة مع المؤمنين لليهود دينهم وللمسلمين دينهم۔ اور بنی عوف (یونہی دیگر یہودی قبائل) کے یہودی، مومنین کے ساتھ ایک قوم ہیں۔ یہودیوں کے لیے ان کا دین ہے اور مسلمانوں کے لیے ان کا دین ہے۔

۴۔ وإنه لا يأثم إمرؤ بحليفه وإن النصر للمظلوم۔ کوئی فریق یا جماعت اپنے کسی حلیف کی وجہ سے معاہدے کی خلاف ورزی نہیں کرے گی اور مظلوم کی مدد کی جائے گی۔

۵۔ وإن بينهم النصح والنصيحة والبر دون الاثم۔ اور اُن میں باہم حسن مشورہ اور خیر خواہی ہوگی، اور وفا شعاری ہوگی نہ کہ عہد شکنی۔

۶۔ وإن بينهم النصر على من دهم يثرب۔ (سیرۃ ابن ہشام، ۲/۱۰۸) کسی بیرونی حملے کی صورت میں ریاست

مدینہ کا دفاع امداد باہمی کے تحت ان (یہودیوں اور مسلمانوں) کی مشترکہ ذمہ داری ہوگی۔

معاہداتی دستور کی ان دفعات کو پڑھنے کے بعد اندازہ ہوتا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ریاست مدینہ میں امن وامان قائم کرنے کی غرض سے یہودیوں کے ساتھ حد درجہ اہمیت کے حامل نکات پر معاہدہ کیا تھا۔ چناں چہ اسلامی ریاست میں رہنے والے یہودیوں کو نہ صرف یہ کہ مذہبی آزادی دی گئی بلکہ ان کے جان ومال کے تحفظ کو بھی یقینی بنایا گیا۔ اجتماعی معاملات میں سیاسی وحدت، باہمی نصرو خیر خواہی اس دستور کی اساسات قرار پائیں۔ چناں چہ تیسری شق میں صاف صراحت کی گئی ہے کہ اہل اسلام اور یہودی مذاہب کے اعتبار سے جدا ہیں، لیکن سیاسی، سماجی اور دفاعی اعتبار سے وہ ایک قوم ہیں۔ مذکورہ بالا دفعات کو پڑھنے کے بعد بجا طور پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ مدینے کا معاہداتی دستور آج بھی دنیا بھر کے لیے بقائے باہمی کی ایک بہترین مثال ہے۔

اس دستور سے قطع نظر اہل معاہدہ غیر مسلموں کو جانی ومالی تحفظ دینے کے سلسلے میں نبی کریم ﷺ سے متعدد احادیث بھی مروی ہیں۔ ذیل میں چند احادیث پیش کی جارہی ہیں:

**پہلی حدیث:** عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَتَلَ مُعَاهَدًا لَمْ يَرِحْ رَائِحَةَ الجَنَّةِ، وَإِنَّ رِيحَهَا تُوجَدُ مِنْ مَسِيرَةِ أَرْبَعِينَ عَامًا۔ (صحیح البخاری، حدیث: ۳۱۶۶)

ترجمہ: حضور نبی کریم ﷺ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ اگر کسی مسلم نے کسی معاہد (غیر مسلم شہری) کو قتل کر دیا تو وہ جنت کی خوشبو بھی نہیں پائے گا۔ حالاں کہ اس کی خوشبو چالیس سال کی مسافت پر بھی موجود ہوگی۔

**دوسری حدیث:** أَلَا لَا تَحِلُّ أَمْوَالُ الْمُعَاهَدِينَ إِلَّا بِحَقِّهَا۔ (مسند احمد، حدیث: ۱۶۸۱۸)

ترجمہ: خبردار! سوائے حق کے معاہدین (غیر مسلم شہریوں) کے مال سے کچھ بھی لینا حلال نہیں ہے۔

**تیسری حدیث:** عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَلَا مَنْ ظَلَمَ مُعَاهِدًا، أَوِ انْتَقَصَهُ، أَوْ كَلَّفَهُ فَوْقَ طَاقَتِهِ، أَوْ أَخَذَ مِنْهُ شَيْئًا بِغَيْرِ طِيبِ نَفْسٍ، فَأَنَا حَجِيجُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ (سنن ابی داؤد، حدیث: ۳۰۵۲)

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ خبردار! اگر کسی نے کسی معاہد پر ظلم کیا، یا اس کے حق میں کمی کی، یا اس پر اُس کی طاقت سے زیادہ ذمہ داری عائد کی، یا اس سے اس رضامندی کے بغیر کچھ لیا تو میں قیامت کے دن اس معاہد کے طرف سے (بارگاہ خداوندی میں) وکالت کروں گا۔

ان تمام احادیث سے یہ بات واضح ہے کہ اگر کفار کے ساتھ اہل اسلام کے درمیان معاہدہ امن طے پاجاتا ہے تو اُس کے بعد اہل اسلام کے لیے قطعاً جائز نہیں کہ وہ عہد شکنی کے مرتکب ہوکر اُن کی حق تلفی کریں یا ان کے جان ومال پر دست درازی کریں۔

**شراب وخنزیر کی قیمت کی ضمانت:** اسی نوعیت کی

احادیث سے استدلال کرتے ہوئے فقہائے کرام نے بھی بڑے واضح انداز میں اسلامی ریاست میں رہنے والے غیر مسلموں پر ظلم وزیادتی سے منع کیا ہے۔ چناں چہ فقہ حنفی کی معروف کتاب ہدایہ میں ہے: إِذَا أَتْلَفَ الْمُسْلِمُ خَمْرَ الذِّمِّيِّ أَوْ خِنْزِيرَهُ ضَمِنَ قِيمَتَهُمَا، فَإِنْ أَتْلَفَهُمَا لِمُسْلِمٍ لَمْ يَضْمَنْ۔ (الہدایہ فی شرح بدایۃ المبتدی، ۴/۳۰۴)

ترجمہ: اگر کسی مسلم نے ذمی کی شراب یا خنزیر کو تلف کردیا تو وہ ان دونوں کی قیمت کا ضامن ہوگا۔ لیکن اگر اُس نے یہ دونوں چیزیں کسی مسلمان کی تلف کیں، تو اُس پر کسی قسم کا کوئی ضمان عائد نہیں ہوگا۔

ذِمّی اور مسلم کے درمیان اس فرق کی وجہ دراصل یہ ہے کہ ذِمّی کے مال کو دین میں ویسا ہی تحفظ حاصل ہے جیسا کہ ایک مسلمان کے مال کو حاصل ہے۔ خنزیر اور شراب کو چوں کہ ازروئے شرع مسلمانوں کے حق میں مال تصور ہی نہیں کیا گیا ہے۔ لہٰذا اگر کسی مسلم نے کسی مسلم کی شراب یا خنزیر کو تلف کردیا تو اَزروئے شرع اس پر کسی قسم کا ضمان عائد نہیں ہوگا۔ مگر چوں کہ یہ دونوں چیزیں ازروئے شرع کافر کے حق میں مال کی حیثیت رکھتی ہیں، لہٰذا اُن کو تلف کرنے پر مسلمان سے اُن کی قیمت وصول کرائی جائے گی۔

**ذِمّی کی غیبت بھی ناجائز ہے:** اسلامی شریعت میں غیبت کو ایک بدترین گناہ قرار دیا گیا ہے۔ اس گناہ کی شناعت شریعت کی نظر میں اس درجے کو پہنچی ہوئی ہے کہ قرآن مجید نے غیبت کرنے کو زندہ بھائی کا گوشت کھانے جیسا قرار دیا ہے۔ لیکن دلچسپ بات یہ ہے کہ صرف مسلمان کی غیبت کرنا ہی حرام نہیں بلکہ غیر مسلم ذمی کی غیبت کرنا بھی شریعت کی نظر میں ناجائز وحرام ہے۔

ردالمحتار میں ہے: وَتَحْرُمُ غِيبَتُهُ كَالْمُسْلِمِ) لِأَنَّهُ بِعَقْدِ الذِّمَّةِ وَجَبَ لَهُ مَا لَنَا فَإِذَا حَرُمَتْ غِيبَةُ الْمُسْلِمِ حَرُمَتْ غِيبَتُهُ بَلْ قَالُوا: إِنَّ ظُلْمَ الذِّمِّيِّ أَشَدُّ۔ (ردالمحتار، ۴/۱۷۵)

ترجمہ: ذِمّی کی غیبت کرنا بھی حرام ہے جیسا کہ مسلمان کی غیبت کرنا حرام ہے۔ اس لیے عقد ذمہ کے بعد اُس کے لیے بھی وہی کچھ واجب ہوجاتا ہے جو ہمارے لیے واجب ہے، چناں چہ جب ایک مسلمان کی غیبت کرنا حرام ہے تو ذمی کی غیبت کرنا بھی حرام ہوگا۔ بلکہ فقہا نے تو یہاں تک کہا ہے کہ ذمی پر کیے گئے ظلم کی حرمت شدید ہے۔

مذکورہ بالا دلائل اس امر کو ثابت کرنے کے لیے کافی ہیں کہ اگر اہل کفر آمادہ جنگ وقتال نہ ہوں بلکہ مسلمانوں کے ساتھ امن کے ساتھ زندگی بسر کررہے ہیں تو ایسے لوگوں کے ساتھ مسلمان بھی امن کے ساتھ زندگی بسر کریں گے اور اُن کے ساتھ ہرگز کسی قسم کی زیادتی نہیں کریں گے۔

### ۶- بہترین انداز دعوت

اسلام کی نشرواشاعت کا انحصار محض دعوت وتبلیغ پر ہے۔ اس لیے کہ صحت اسلام کے لیے جس درجے کا ایمان مطلوب ہے اُسے نہ لالچ دے کر خریدا جاسکتا ہے اور نہ

جبر واکراہ کے ذریعے لوگوں کے میں دلوں میں پیوست کیا جا سکتا ہے۔ چناں چہ جو شخص بھی کسی غیر مسلم تک دین کی دعوت پہنچا رہا ہو ضروری ہے کہ وہ آداب تبلیغ سے آشنا ہے۔ ایک غیر تربیت یافتہ مبلغ، دین کے لیے دشمنان دین سے بھی زیادہ ضرور رساں ثابت ہوسکتا ہے اگر اُس کا اسلوب دعوت آداب دعوت سے عاری ہو۔ چناں چہ قرآن مجید میں آداب دعوت کو باضابطہ طور پر موضوع بحث بنا کر بتایا گیا ہے کہ مبلغ کو دعوت کے دوران کن چیزوں کی پابندی کرنی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ادْعُ إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُم بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ۔ (النحل: ۱۲۵)

ترجمہ: اے پیغمبر! اپنے رب کی طرف دعوت دیتے رہیے حکمت اور اچھی نصیحت کے ساتھ، اور اُن کے ساتھ اس انداز سے بحث کیجے جو بڑا پسندیدہ ہو۔ یقیناً آپ کا پروردگار خوب جانتا ہے کہ کون اُس کی راہ سے بھٹکا ہوا ہے اور وہ اُن کو بھی خوب جانتا ہے جو ہدایت پانے والے ہیں۔

اس آیت کریمہ میں وارد ہونے لفظ حکمت سے مراد وہ مضبوط اور پختہ دلائل ہیں جن سے حق آفتاب نصف النہار کی مانند روشن ہوجائے اور شبہات کی تاریکیاں نمود صبح کے مثل منتشر ہوجائیں۔ علامہ ناصر الدین بیضاوی لفظ حکمت کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں: وهو الدليل الموضح للحق المزيح للشبهة۔ (تفسیر البیضاوي، ۳/۲۴۵)

حکمت سے مراد وہ دلیل ہے جو حق کو واضح کرنے والی اور شبہات کو دور کرنے والی ہو۔

مفسرین نے موعظت حسنہ کی تفسیر میں متعدد اقوال نقل کیے ہیں: ایک قول کے مطابق موعظت حسنہ سے مراد ایسی نرم گفتگو ہے جس میں شدت وغلظت نہ ہو۔ چناں چہ علامہ بغوی اپنی تفسیر میں نقل کرتے ہیں:

وقيل هو القول اللين الرقيق من غير غلظة ولا تعنيف۔ (تفسیر البغوي-۵/۵۲)

اور کہا گیا ہے کہ موعظت حسنہ سے مراد وہ نرم گفتگو ہے غلظت اور سختی نہ ہو۔

مذکورہ بالا اقوال کی روشنی میں یہ واضح ہوا کہ داعی دین کو چاہیے کہ دعوت کا عمل انجام دیتے ہوئے اپنی دعوت مضبوط دلائل اور نرم لہجے کے ساتھ مخاطب کے سامنے پیش کرے، اور اگر کبھی دینی مسائل کو لے کر بحث ومباحثے تک نوبت پہنچ جائے تو اُس وقت بھی تہذیب وشائستگی کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوٹنا چاہیے، بلکہ مجادلے میں بھی اسلوب گفتگو مہذب اور شائستہ ہو۔

فرعون کی سرکشی اور ظلم وزیادتی سے کون واقف نہیں ہے؟ یہ وہی شخص ہے جس نے اقتدار کے نشے میں چور ہو کر انا ربكم الاعلى کا نعرہ بلند کیا تھا۔ بنی اسرائیل کو بے دریغ قتل کرنے کے احکام صادر کرنے والا بھی یہی تھا۔ اس کی سرکشی حد سے متجاوز ہو چکی تھی۔ لیکن جب اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ وہارون کو اُس کے پاس دعوت حق پہنچانے کے لیے بھیجا تو فرمایا: اِذْهَبَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغَىٰ فَقُولَا لَهُ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهُ يَتَذَكَّرُ

أَوْ يَخْشٰى۔ تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ، بے شک وہ سرکشی میں حد سے گزر چکا ہے، سو تم دونوں اُس سے نرم (انداز میں) گفتگو کرنا شاید وہ نصیحت قبول کر لے یا (میرے غضب سے) ڈرنے لگے۔

فرعون جیسے ظالم و جابر کو بھی نرمی و ملاطفت کے ساتھ حق پہنچانے کا جو حکم دیا گیا ہے اس کی وجہ یہی ہے کہ صرف نرم گفتاری میں یہ طاقت موجود ہے وہ کہ وہ بڑے سے بڑے سنگ دل کو بھی پگھلا کر حق قبول کروا سکتی ہے۔ جب کہ ترش روئی، سخت کلامی اور کرختگی مدعو کو باطل پر پختہ تو کر سکتی ہے لیکن اس سے مدعو کے باطن کے تبدیل ہونے کی توقع نہیں کی جا سکتی۔ الا ماشاء اللہ

علامہ قرطبی نے اس آیت کی تفسیر میں ایک بڑے پتے کی بات تحریر کی ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

قُلْتُ: الْقَوْلُ اللَّيِّنُ هُوَ الْقَوْلُ الَّذِي لَا خُشُونَةَ فِيهِ،۔۔۔ فَإِذَا كَانَ مُوسَى أُمِرَ بِأَنْ يَقُولَ لِفِرْعَوْنَ قَوْلًا لَيِّنًا، فَمَنْ دُونَهُ أَحْرَى بِأَنْ يَقْتَدِيَ بِذَلِكَ فِي خِطَابِهِ، وَأَمْرِهِ بِالْمَعْرُوفِ فِي كَلَامِهِ۔ (تفسیر القرطبي، ۱۱/ ۲۰۰)

میں کہتا ہوں کہ قول لین سے مراد وہ قول ہے جس میں سختی نہ ہو۔ (یہاں یہ بات قابل توجہ ہے کہ) جب موسیٰ علیہ السلام کو اس بات کا حکم دیا گیا ہے کہ وہ فرعون کے ساتھ نرمی سے بات کریں تو اُن سے کم رتبہ شخص کے لیے زیادہ مناسب ہے کہ وہ بھی بھلائی کا حکم دیتے ہوئے انہی کا لب ولہجہ اختیار کرے۔

چناں چہ ہر مبلغ پر لازم ہے کہ وہ ایسا نرم خو اور شیریں گفتار ہو کہ لوگ اس کی نصیحتیں سن کر اپنے باطن میں قبول حق کا داعیہ محسوس کرنے لگیں۔ شدت و غلظت اور خشونت و کرختگی سے مبلغین کو احتراز کرنا چاہیے کہ اس سے لوگ باطل پر پختہ ہوتے ہیں اُن کے باطن نہیں بدلا کرتے۔

### حرف آخر

گزشتہ صفحات میں غیر مسلموں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آنے کے سلسلے میں جو بنیادی تصورات پیش کیے گئے ہیں اُن سے یہ صاف ظاہر ہے کہ اسلام دنیوی معاملات میں نہ صرف مسلمانوں بلکہ پُر امن غیر مسلموں کے ساتھ بھی حسن سلوک سے پیش آنے کی تلقین کرتا ہے۔ وہ کسی غیر مسلم پر محض غیر مسلم ہونے کی وجہ سے ظلم و زیادتی کا جواز فراہم نہیں کرتا۔ اسلام یہ چاہتا ہے کہ مسلمان اپنے اندر رحمت، مہربانی اور خیر خواہی کے جذبات پیدا کریں اور اُن جذبات کے ساتھ وہ نہ صرف مسلمانوں بلکہ پُر امن کفار کے ساتھ بھی پیش آئیں۔ جہاں تک سوال اُن کے کفریہ عقائد و اعمال کا ہے تو اُس کے لیے وہ اپنے رب کی بارگاہ میں خود جواب دہ ہوں گے۔ یہ دنیا محض دار العمل ہے اعمال کا اچھا یا برا بدلہ تو آخرت ہی میں ملنا ہے۔ غور و فکر کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ مسلمان اس دنیا میں دعوت حق کے تنہا علم بردار ہیں اور سارا عالم کفران کا مدعو ہے۔ اگر اہل اسلام کے تعلقات اہل کفر کے ساتھ خوش گوار ہوں گے تو اس سے ان کی ہدایت کے امکانات میں بھی اضافہ ہوگا۔

□□□

## مصادر و مراجع


۱۔القرآن الکریم

۲۔شعب الایمان، ابوبکر البیہقی (۴۵۸ھ)، مکتبۃ الرشد للنشر والتوزیع، ریاض، ۲۰۰۳

۳۔سنن ابی داود، ابوداود سلیمان بن الاشعث سجستانی (۲۷۵ھ)، المکتبۃ العصریۃ، بیروت

۴۔ سنن الترمذي، محمد بن عیسی الترمذي، (۲۷۹ھ) دار الغرب الاسلامی، ۱۹۹۸

۵۔مسند احمد بن حنبل، ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل (۲۴۱ھ)، دار الحدیث، قاہرہ، ۱۹۹۵

۶۔مرقاۃ المفاتیح، علي بن سلطان ہروي (۱۰۱۴ھ)، دار الفکر، بیروت، ۲۰۰۲

۷۔صحیح البخاری، محمد بن اسماعیل بخاري، (۲۵۶ھ)، دار طوق النجاۃ، بیروت ۱۴۲۲

۸۔شرح صحیح البخاری، ابن بطال ابوالحسن علي بن خلف (۴۴۹ھ)، مکتبۃ الرشد، ریاض، ۲۰۰۳

۹۔انوار التنزیل واسرار التاویل، ناصر الدین عبداللہ بن عمر شیرازی بیضاوی (۶۵۸ھ)،

۱۰۔شرح معانی الآثار، ابوجعفر احمد بن محمد طحاوی (۳۲۱ھ) عالم الکتب، ۱۹۹۴

۱۱۔المراسیل، ابوداود سلیمان بن الاشعث سجستانی، موسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۱۴۰۸ھ

۱۲۔سنن الدارقطني، ابوالحسن علی بن عمر دارقطنی (۳۸۵ھ) موسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۲۰۰۴

۱۳۔مسند ابی حنیفۃ، ابوحنیفہ نعمان بن ثابت (۱۵۰ھ)، الآداب، مصر

۱۴۔التفسیر المظہري، محمد ثناء اللہ پانی پتی، مکتبۃ الرشدیہ، پاکستان، ۱۴۱۲

۱۵۔تفسیر النسفي، ابوالبرکات عبداللہ بن احمد نسفی (۷۱۰ھ)، دار الکلم الطیب، بیروت، ۱۹۹۸

۱۶۔الطبقات الکبری، ابوعبداللہ محمد بن سعد (۲۳۰)، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، ۱۹۹۰

۱۷۔تفسیر الرازي، ابوعبداللہ محمد بن عمر رازی (۶۰۶ھ)

۱۸۔سیرۃ ابن ہشام، عبدالملک بن ہشام (۲۱۳ھ)، شرکۃ الطباعۃ الفنیۃ المتحدۃ

۱۹۔الہدایۃ فی شرح بدایۃ المبتدي، ابوالحسن برہان الدین، علی بن ابی بکر، فرغانی، مرغینانی

۲۰۔رد المحتار، محمد امین بن عمر بن عبدالعزیز عابدین حنفي (۱۲۵۲ھ)، دار الفکر، بیروت، ۱۹۹۲

۲۱۔تفسیر البغوي، ابومحمد حسین بن مسعود بغوی (۵۱۰) دار طیبۃ للنشر والتوزیع، ۱۹۹۷

۲۲۔الجامع لاحکام القرآن، ابوعبداللہ محمد بن احمد قرطبی (۶۷۱ھ)



مولانا محمد زکی سعیدی

**استاذ و محقق:** جامعہ عارفیہ، سید سراواں، کوشامبی

Mob:+91 8449705897

Email: Md.zaki787@gmail.com

# ڈاکٹر محمود مہدی کاظمی سعیدی صاحب

اپنے ہندوستانی دورے پر علما و فضلا سے تبادلۂ خیالات کرتے ہوئے۔







# ادب وثقافت

# مناجات



خواجہ الطاف حسین حالی



اے خاصہ خاصان رسل وقت دعا ہے
امت پہ تیری آ کے عجب وقت پڑا ہے

جو دین بڑی شان سے نکلا تھا وطن سے
پردیس میں وہ آج غریب الغربا ہے

وہ دین ہوئی بزم جہاں جس سے چراغاں
اب اس کی مجالس میں نہ بتی نہ دیا ہے

جو تفرقے اقوام کے آیا تھا مٹانے
اس دین میں خود تفرقہ اب آ کے پڑا ہے

جس دین نے غیروں کے تھے دل آ کے ملائے
اس دین میں اب بھائی خود بھائی سے جدا ہے

جو دین کہ ہمدرد بنی نوع بشر تھا
اب جنگ و جدل چار طرف اس میں بپا ہے

جس دین کا تھا فقر بھی اکسیر، غنا بھی
اس دین میں اب فقر ہے باقی نہ غنا ہے

عالم ہے سو بے عقل ہے، جاہل ہے سو وحشی
منعم ہے سو مغرور ہے، مفلس سو گدا ہے

چھوٹوں میں اطاعت ہے نہ شفقت ہے بڑوں میں
پیاروں میں محبت ہے نہ یاروں میں وفا ہے

ہے دین کی دولت سے بہا علم سے رونق
بے دولت و علم اس میں نہ رونق نہ بہا ہے

جس قوم میں اور دین میں ہو علم نہ دولت
اس قوم کی اور دین کی پانی پہ بنا ہے

وہ روشنیِ بام و درِ کشورِ اسلام
یاد آج تلک جس کی زمانے کو ضیا ہے

روشن نظر آتا نہیں واں کوئی چراغ آج
بجھنے کو ہے اب گر کوئی بجھنے سے بچا ہے

عشرت کدے آباد تھے جس قوم کے ہر سو
اس قوم کا ایک ایک گھر اب بزمِ عزا ہے

وہ قوم کہ آفاق میں جو سر بہ فلک تھی
وہ یاد میں اسلاف کی اب رو بہ قضا ہے

فریاد ہے اے کشتیِ امت کے نگہباں
بیڑا یہ تباہی کے قریب آن لگا ہے

اے چشمہ رحمت بأبی أنتَ وَ أمّی
دنیا پہ تیرا لطف صدا عام رہا ہے

امت میں تری نیک بھی ہیں بد بھی ہیں لیکن
دلدادہ ترا ایک سے ایک ان میں سوا ہے

ایماں جسے کہتے ہیں عقیدے میں ہمارے
وہ تیری محبت تری عترت کی ولا ہے

جو خاک تیرے در پہ ہے جاروب سے اڑتی
وہ خاک ہمارے لئے داروے شفا ہے

جو شہر ہوا تیری ولادت سے مشرف
اب تک وہی قبلہ تری امت کا رہا ہے

جس ملک نے پائی تری ہجرت سے سعادت
کعبے سے کشش اس کی ہر اک دل میں سوا ہے

ہم نیک ہیں یا بد ہیں پھر آخر ہیں تمہارے
نسبت بہت اچھی ہے اگر حال برا ہے

خود جاہ کے طالب ہیں نہ عزت کے خواہاں
پر فکر ترے دین کی عزت کی صدا ہے

ہاں حالیؔ گستاغ نہ بڑھ حدِ ادب سے
باتوں سے ٹپکتا تری اب صاف گلا ہے

ہے یہ بھی خبر تجھ کو کہ ہے کون مخاطب
یاں جنبشِ لب خارج از آہنگ خطا ہے

اے خاصہ خاصان رسل وقت دعا ہے
امت پہ تیری آ کے عجب وقت پڑا ہے

□□□

# غزل



مرزا اسد اللہ خاں غالب

کل کے لیے کر آج نہ خسّت شراب میں
یہ سوءِ ظن ہے ساقیِ کوثر کے باب میں

ہیں آج کیوں ذلیل کہ کل تک نہ تھی پسند
گستاخیِ فرشتہ ہماری جناب میں

جاں کیوں نکلنے لگتی ہے تن سے دمِ سماع
گر وہ صدا سمائی ہے چنگ و رباب میں

رَو میں ہے رخشِ عمر، کہاں دیکھیے تھمے
نے ہاتھ باگ پر ہے نہ پا ہے رکاب میں

اتنا ہی مجھ کو اپنی حقیقت سے بُعد ہے
جتنا کہ وہمِ غیر سے ہُوں پیچ و تاب میں

اصلِ شہود و شاہد و مشہود ایک ہے
حیراں ہوں پھر مشاہدہ ہے کس حساب میں

ہے مشتمل نمودِ صُوَر پر وجودِ بحر
یاں کیا دھرا ہے قطرہ و موج و حباب میں

شرم اک ادائے ناز ہے اپنے ہی سے سہی
ہیں کتنے بے حجاب کہ ہیں یُوں حجاب میں

آرائشِ جمال سے فارغ نہیں ہنوز
پیشِ نظر ہے آئنہ دائم نقاب میں

ہے غیبِ غیب جس کو سمجھتے ہیں ہم شہود
ہیں خواب میں ہنوز، جو جاگے ہیں خواب میں

غالبؔ ندیمِ دوست سے آتی ہے بوئے دوست
مشغولِ حق ہوں، بندگیِ بُو تراب میں

❑❑❑





سید شاکر احمد

# رسمِ گاگر اور اس کی حقیقت

رسوم عام طور سے وہ اعمال ہیں جو کسی خاص موقع یا روایات سے جڑے ہوتے ہیں اور بعض اوقات ان کی اصل بنیاد ثقافتی یا علاقائی ہوتی ہے، نہ کہ دین کے بنیادی احکام۔ بعض ایسے رسوم جو زمانہ جاہلیت میں مروج تھے، اللہ نے ان کو اسلام کے آنے کے بعد بھی برقرار رکھا۔ جیسا کہ صفا اور مروہ کی سعی اور بیت اللہ کو غسل دینا، یوں ہی بعض رسوم، اولیاے کرام اور علماے عظام کے ایجاد کردہ ہیں جن کا دین وشریعت سے براہ راست کوئی تعلق نہیں البتہ یہ مراسم دین ودعوت کے بعض گہرے مصالح کے پیش نظر ایجاد کیے گئے ہیں۔ ہندوستان میں رائج صوفیہ کے بعض رسومات میں سے ایک رسم ”گاگر“ بھی ہے، جس کا شمار علاقائی رسوم میں ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اعراس مشائخ کے موقع پر رسم گاگر کی ابتدا اتر پردیش کے مشہور شہر الہ آباد سے ہوئی پھر رفتہ رفتہ پورے ہندو پاک میں پھیل گئی۔

## گاگر کی لغوی تحقیق

گاگر اردو زبان میں ایک اسم ہے جو مٹی یا دھات سے بنے ہوئے برتن مثلاً گھڑا، مٹکا، صراحی وغیرہ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ یہ برتن عموما پانی جمع کرنے یا نقل وحمل کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ البتہ صوفیہ کے نزدیک یہ ایک رسم ہے، جس میں ایک چھوٹے مٹکے جیسے برتن میں پانی یا دودھ یا کوئی مشروب رکھا ہوتا ہے اور اسے ایک متعین مقام سے کچھ لوگ اپنے سروں پر رکھ کر صوفیانہ اشعار پڑھتے ہوئے لے جاتے ہیں اور پھر کسی بزرگ کے مزار پر لے جا کر رکھ دیتے ہیں، وہاں فاتحہ خوانی ہوتی ہے۔

## تاریخی تجزیہ

اس کی شروعات کب اور کہاں ہوئی اس کی کوئی متعین تاریخ نہیں ہے۔ البتہ ایک روایت مشہور ہے کہ اس رسم کا تعلق حضرت حسام الدین مانک پوری سے ہے جو آٹھویں صدی ہجری کے بڑے بزرگ گزرے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ الہ آباد کے اطراف میں خانقاہ کے عرس کے موقع پر حضرت کے کچھ مریدین پانی لینے کے لیے ندی کے کنارے جا رہے تھے۔ واپسی میں جب ایک مرید پانی لے کر آ رہا تھا تو اس کے دل میں یہ خیال آیا کہ میرے سر پر جو گاگر ہے وہ تو پانی سے بھرا ہوا ہے اور

میرا وجود بھی تو ایک گاگر ہے، جسے بھرا ہونا ضروری ہے۔اسے بھرنے والی جو چیز ہے وہ شراب معرفت ہے جس سے میرا وجود خالی ہے۔اس خیال کے بعد ان کے دل پر ضرب لگی اور وہ حالت وجد میں رقص کرنے لگے۔لوگوں نے حضرت کو یہ خبر پہنچائی اور آپ اپنے چند مریدین کے ساتھ سر پر گاگر اٹھائے اپنے اس مرید کے پاس پہنچے جو مضطرب پڑا ہوا تھا۔ وہاں پہنچ کر حضرت نے ایسے اشعار پڑھوائے کہ جن میں شیخ کی طرف سے یہ اشارہ تھا کہ تمہیں مایوس ہونے کی ضرورت نہیں، تیرا گاگر اگرچہ خالی ہے مگر میرا گاگر شراب معرفت سے بھرا ہے اور ایک دن میں تجھے بھی اس سے بھر دوں گا۔

یہاں ایک اہم نکتہ یہ ہے کہ شیخ نے اپنے مرید کو جس معرفت کی جانب اشارہ کیا وہ ایک جہت سے اللہ کی نعمت کا اظہار کرنا تھا جو اللہ نے انہیں عطا کیا تھا جیسا کہ اللہ نے قرآن میں فرمایا: وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ (الضحی: ۱۱) ترجمہ: (اور اپنے رب کی نعمتوں کا خوب خوب چرچا کرو ) گویا اولیاے کرام نعمتِ معرفت کا اظہار بھٹکی ہوئی مخلوقِ خدا کی رہنمائی کے لیے کرتے ہیں تا کہ وہ سیدھے راہ کی طرف گامزن ہوسکیں اور اسے اللہ کی معرفت حاصل ہو جائے۔ جب لوگ اس بات سے آگاہ ہوں گے کہ شیخ کو اللہ نے اپنی نعمتِ معرفت عطا کی ہے تو وہ اس بات کے معترف ہوں گے کہ یہ شیخ کوئی معمولی ہستی نہیں بلکہ اللہ کا ولی اور اس کا مخصوص بندہ ہے تو وہ شیخ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر شراب معرفت سے سرشار ہوں گے۔

## گاگر کی شرعی حیثیت

صوفیہ کرام کا ماننا ہے کہ گاگر کی شریعت میں کوئی اصل نہیں، البتہ اس کو کرنے کی کوئی ممانعت بھی وارد نہیں چونکہ یہ احکام شریعت کے متصادم کوئی عمل نہیں ہے۔ شارع نے نہ تو اس کے کرنے کا حکم دیا ہے اور نہ ہی اس سے منع فرمایا ہے اس سبب سے اس کا کرنا مباح ہوگا۔ فقہ کا ایک قاعدہ ہے: الأصل في الأشياء الإباحة: اشیا میں اصل اباحت ہے۔(القواعد الفقهیه مصطفی زحیلی) یعنی جن چیزوں کی حرمت پر کوئی دلیل شرعی موجود نہ ہو اسے مباح قرار دیا جاتا ہے۔

مولانا ضیاء الرحمن علیمی رقم طراز ہیں: ’’جس طرح فقہائے ظاہر بہت سے نئے اعمال کو شریعت سے متصادم نہ ہونے بلکہ مقاصد شریعت کے تحصیل میں معاون ہونے کے سبب بدعت حسنہ کے زمرے میں قرار دیتے ہیں اسی طرح صوفیا بھی مقاصد طریقت کی تحصیل میں معاون ہونے اور شریعت کے مخالف نہ ہونے کی وجہ سے بہت سے نئے اعمال و رسوم کو بدعت حسنہ یا سنت حسنہ کے خانے میں رکھتے ہیں۔‘‘
(ضمیمہ از مجمع السلوک، ضیاء الرحمن علیمی، ج ۲، ص ۶۸۴)

اس اقتباس کی روشنی میں یہ معلوم ہوا کہ رسمِ گاگر کو بھی بدعت حسنہ کے درجے میں شامل کیا جا سکتا ہے، کیونکہ اس کے اندر بدعت سیئہ یا کوئی غیر شرعی پہلو شامل نہیں ہے۔ یہ رسم شریعت کے اصولوں کے خلاف نہیں ہے بلکہ اس سے بعض مقاصد طریقت کی تحصیل ہوتی ہے، جس کی تفصیل مشائخ بہتر جانتے ہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ اس رسم کا اصل تعلق اہل محبت سے ہے، جو اپنے شیخ کی ہر ادا اور عمل کو ہو بہو نقل کرتے ہیں۔ یہ سب روحانی تعلق اور شیخ سے والہانہ عقیدت کا سبب ہے۔ اگر یہ رسم ایک خوبصورت اور عرفانی ماحول پیدا کرے جو روحانیت سے بھرا ہو تو یہ عمل باعث تحسین ہے۔ ورنہ اگر اس میں محض ریاکاری کا دخل ہو یا کسی اور دنیوی غرض کے لیے ہو تو یہ عمل باعث لعنت وعقاب ہے۔ شریعت ہر اس عمل کو مردود قرار دیتی ہے جو اس کی مرضی کے مطابق نہ ہو، جو بھی عمل شریعت کے تقاضے کے مطابق ہوتی ہے شریعت اسے رد نہیں کرتی بلکہ اسے قبول کرتی ہے اور اسے مباح کے زمرے شامل کر کے بندوں کے لیے آسانی فراہم کرتی ہے اور گاگر کی اس رسم کو بھی اس طور پر دیکھنا چاہیے۔

□□□

سید شاکر احمد
**متعلم:** جامعہ عارفیہ، سید سراواں، کوشامبی
Mob:+91 70489 81446



# سرگرمیاں

# سفرنامہ

## (امریکہ تا خانقاہ عارفیہ)

ڈاکٹر محمود مہدی کاظمی سعیدی

**۳۱/اکتوبر ۲۰۲۴ء**

دہلی ایئرپورٹ پر صاحبزادہ مولانا حسن سعید صفوی اور دیگر احباب نے ہمارا والہانہ استقبال کیا۔ بعدازاں، ان کی قیادت میں جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی کے 'نہرو گیسٹ ہاؤس' پہنچے۔ پھر اُنھیں کی معیت میں سلطان المشائخ محبوب الٰہی حضرت نظام الدین اولیاء کی درگاہ پر حاضری ہوئی۔ اس مبارک و مسعود موقع پر محترم سید لاریب میاں خیرآبادی اور جناب عبدالعظیم صاحبان بھی ہمراہ تھے۔

**ا/نومبر ۲۰۲۴ء**

صبح کے وقت 'نہرو گیسٹ ہاؤس' میں مرشدی و مولائی حضور داعی اسلام شیخ ابوسعید صفوی دامت برکاتہ سے ہماری ایک خصوصی ملاقات ہوئی۔ اس ملاقات میں روحانی و عرفانی گفتگو کا ایک ناقابل فراموش سلسلہ چلا۔ بعدازاں، مولانا حسن سعید صفوی اور محترم سید لاریب میاں کے ساتھ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کی درگاہ پر مختصر حاضری دی۔ 'نہرو گیسٹ ہاؤس' واپس آکر حضور داعی اسلام کے ساتھ ظہرانہ سے شاد کام ہوئے۔ اسی دن محترم پروفیسر مظہر آصف صاحب (وائس چانسلر جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی) سے بھی ملاقات کرنے کا ایک خوش گوار موقع ملا۔ بعد نماز مغرب حضرت سلطان جی خواجہ نظام الدین اولیا قدس سرہٗ کی درگاہ پر حاضری دی۔ سلطان جی کے آستانے پر ہی محفل سماع کا انعقاد عمل میں آیا، اس موقع پر حضور داعی اسلام، مولانا حسن سعید صفوی کے ساتھ ہم اور ہمارے دیگر احباب بھی شریک محفل رہے۔ نظامی آستانے پر محفل سماع میں سرورانگیز و تسکین بخش تجربہ رہا۔







**۲؍نومبر ۲۰۲۴ء**

صبح ہم اور ہمارے کچھ احباب، ارشد بھائی سے ملاقات کی غرض سے اُن کے گھر جنگ پورہ، نئی دہلی پہنچے۔ ارشد بھائی نے بڑے پُرتپاک انداز میں خیر مقدم کیا اور اپنی بے مثال ضیافت کا مظاہرہ کیا۔ اس دوران کئی اہم نکات پر تبادلہ خیال ہوا۔ واضح رہے کہ ارشد بھائی بڑے ہی متحرک و فعال شخصیت کے مالک ہیں اور 'میر اوطن' اخبار نکالتے ہیں۔

**۳؍نومبر ۲۰۲۴ء**

جناب سبھاش بھائی پنجاب کے رہنے والے ہیں اور حضور داعی اسلام کے محبین میں سے ایک ہیں، لہٰذا طے شدہ پروگرام کے تحت حضور داعی اسلام کی معیت میں سبھاش بھائی کے گھر کی طرف روانہ ہوئے اور صبح کے وقت ہم لوگ منزل پر پہنچ گئے۔ دوپہر میں لنگر کا خصوصی اہتمام تھا، جب کہ رات میں ایک شاندار محفل سماع منعقد ہوئی۔ بعد ازاں، ۴؍ نومبر کی صبح 'خانقاہ عالیہ عارفیہ' کے لیے چنڈی گڑھ سے لکھنؤ روانہ ہوئے، جہاں صاحبزادہ حسین سعید صفوی اور مولانا امام الدین سعیدی نے ہمارا خیر مقدم کیا۔ ان کی دونوں حضرات کی معیت میں قطب اودھ حضرت مخدوم شاہ مینا لکھنوی قدس سرہٗ کی بارگاہ پر حاضری دی اور پھر 'خانقاہ عالیہ عارفیہ' سید سراواں کی طرف روانہ ہو گئے۔





**۱۲؍نومبر تا ۱۴؍نومبر ۲۰۲۴ء**

'خانقاہ عالیہ عارفیہ' میں قیام کے دوران حضور داعی اسلام کی روحانی مجالس سے خوب سیراب ہونے کا موقع ملا۔ اس دوران ڈاکٹر ذیشان احمد مصباحی، ڈاکٹر مجیب الرحمن علیمی، ڈاکٹر جہاں گیر حسن مصباحی، مولانا ضیاء الرحمن علیمی، مفتی رحمت علی مصباحی اور دیگر اساتذہ سے علمی و روحانی ملاقاتیں اور باتیں بھی ہوئیں۔ مولانا حسین سعید صفوی کے دسترخوان کی ضیافت ناقابل فراموش تھی۔ اسی دوران الہ آباد شہر سے قریب 'نیم سرائے' جانے کا موقع ملا۔ وہاں پر ایک 'امام بارگاہ' دیکھ کر بہت ہی خوشی حاصل ہوئی۔ 'نیم سرائے' میں ڈاکٹر عرفان نجف علیمی اور دیگر احباب سے اچھی ملاقات رہی۔

'صفی پور شریف' جسے 'مدینۃ الاولیاءٔ' (ولیوں کا شہر) کہا جاتا ہے۔ یہ قصبہ بالخصوص سلسلہ صفویہ مینائیہ نظامیہ کی اشاعت میں ایک نمایاں مقام رکھتا ہے۔ چناں چہ مشائخ صفویہ کے شوق زیارت میں مولانا حسن سعید صفوی، مولانا حسین سعید صفوی اور ڈاکٹر ذیشان احمد مصباحی کے ہمراہ صفی پور شریف پہنچے اور وہاں کے مختلف اولیائے کرام کے مزارات پر حاضری دی۔ علاوہ ازیں محترم افضال میاں سے بھی ایک خاص ملاقات رہی۔ اُن کی مہمان نوازی اور اُن کے حسن اخلاق سے ہم متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکے۔ واپسی پر دیوا شریف، بارہ بنکی میں واقع حضرت حاجی وارث علی شاہ کی درگاہ اور مقبول شاعر بیدم وارثی کی مزار پر حاضر ہوئے اور پھر خانقاہ عالیہ عارفیہ کی طرف چل پڑے۔



۱۴ رنومبر کو بادل نخواستہ پُرنم آنکھوں سے 'خانقاہ عالیہ عارفیہ' کو الوداع کہا اور شہر آگرہ کے لیے روانہ ہو گئے۔

**۱۵ رنومبر ۲۰۲۴ء**

آگرہ میں حضرت شہید ثالث نور اللہ شُشتری کی درگاہ پر حاضری دی۔ بوقت شام 'فتح پور سیکری' میں واقع حضرت شیخ سلیم چشتی کی درگاہ پر حاضر ہوئے، جب کہ قیام حضرت رئیس میاں چشتی کے دولت خانے پر رہا۔ بعد نماز عشا محفل سماع منعقد ہوئی۔

**۱۶ رنومبر ۲۰۲۴ء**

حضرت رئیس میاں کے ہمراہ ایک بار پھر دہلی کے سفر پر روانہ ہوئے اور دہلی پہنچتے ہی اسی دن حضرت سلطان جی کی بارگاہ میں مولانا حسن سعید صفوی کے ساتھ الوداعی حاضری دی اور پھر حضرت نصیر الدین چراغ دہلوی قدس سرہٗ کی درگاہ پر پہنچتے اور شرف زیارت سے تسکین کام ہوئے۔

**۱۷ رنومبر ۲۰۲۴ء**

بالآخر وہ گھڑی آ ہی گئی جب ہندوستان کو الوداع کہنا پڑا۔ یہ یادگار سفر یہیں پر اختتام پذیر ہوا، اور رات دو بجے دارالسلطنت دہلی سے نیویارک واپس ہو گئے۔

اِس مبارک و مسعود سفر کے تمام احباب کی محبت اور اُن کی مہمان نوازی کے لیے دل کی گہرائیوں سے بہت بہت شکریہ۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو سلامت رکھے۔ (آمین)



# اولیا کونسل کی خدمات

راجہ اسد پرویز

’اولیا کونسل آف نارتھ امریکہ‘ ڈاکٹر مہدی کاظمی صاحب کی کاوشوں سے ایک تناور درخت کی شکل اختیار کر چکی ہے۔ ابتدا میں کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، مگر وقت کے ساتھ ہمارا حوصلہ بڑھتا گیا اور کاموں میں خدا کے فضل سے آسانی ہوتی گئی۔

’اولیا کونسل‘ کے زیر انتظام ’مسجد بابوذ والفقار‘ کی تعمیر و آرائش مکمل ہو چکی ہے۔ یہ مسجد خالصتاً صوفی ازم کے نظریات پر مبنی ہے اور کسی بھی فرقہ یا لسانی عصبیت سے پاک ہے، یعنی یہ مسجد تمام مسلمانوں کے لیے ہے۔ مسجد میں جمعۃ المبارک کی نماز کا باقاعدہ آغاز ہو چکا ہے، جس کی امامت ہارٹ فورڈ یونیورسٹی کے نوجوان طالب علم جناب علی سعید صفوی صاحب انجام دے رہے ہیں۔ نیویارک کے اس دور دراز علاقے میں نمازیوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ یہ خوشگوار تجربہ ہے، جس سے محض جذبۂ ایمانی میں اضافہ نہیں ہوتا بلکہ تاریک راہیں بھی روشن ہوتی ہیں اور حسنات کی مزید تحریک ملتی ہے۔









مسجد کی موجودگی سے گزرنے والے مسافر اور رہائشی بھی آہستہ آہستہ آگاہ ہو رہے ہیں۔ نمازِ جمعہ کی ادائیگی کے بعد مسجد کے اندر ہی بنائے گئے کچن اور ڈائننگ ہال میں نمازیوں کی تواضع کی جاتی ہے اور اس دوران باہمی سماجی اور حالات حاضرہ پر گفتگو کا سنہرا موقع ملتا ہے۔



مسجد کی عمارت میں 'اولیا کونسل' کے زیر انتظام ایک 'لائبریری' بھی قائم کی گئی ہے، جس میں اسلامی و ادبی کتب کا بڑا ذخیرہ موجود ہے، جو علم و تحقیق میں مدد فراہم کرتا ہے۔ اس تحقیقی مرکز کو 'امام علی ریسرچ سنٹر' کے طور پر باقاعدہ رجسٹرڈ ہے اور اس کا الحاق ہارٹ فورڈ یونیورسٹی کے اسلامی شعبے کے ساتھ ہے۔

اسی عمارت کے دوسرے حصے میں 'خانقاہ چشتیہ فریدیہ سہروردیہ حسینیہ سجادیہ' بھی ہے جو ہر خاص و عام کی توجہ کا مرکز ہے اور جہاں 'امام بارگاہ' بھی قائم ہے۔ یہ جگہ محبت اہل بیت اطہار کا اظہار کرتی ہے اور ایک خاص روح پرور منظر پیش کرتی ہے۔ اس کے ساتھ ہی ایک بڑا ہال بھی موجود ہے، جو بین المذاہب سرگرمیوں کے لیے وقف ہے۔

**راجہ اسد پرویز**

**منتظم اعلیٰ:** مسجد ابوذر ذوالفقار، اولیا کونسل آف نارتھ امریکہ

Mob:+1 (405) 370-2262

Imam Ali Research Center

# ANNOUNCEMENT

By the Grace of God and Blessings of Imam Ali as IMAM ALI LIBRARY and RESEARCH CENTER has been established at Auliya Council of North America Center in Mahopac, New York.

IALRC's academic affiliation is with Hartford International University for Religion and Peace, USA and Jamia Arfiya, Sayed Sarawan, India.

Dr. Hosein Kamaly is IALRC's Founding Director while Dr. M.Mehdi Kazmi, Dr. Hasan Abbas, Dr. Kishwar Rizvi, and Dr. Hasnain Walji serve on the board.

IALRC is an independent academic research institution engaged in producing high quality research in Islamic topics and culture in the US. Full-time post doctoral fellows and affiliate fellows will staff the Center and work under the auspices of Imam Ali Chair in Shia Studies and Dialogue Among Islamic Schools of Thought at Hartford International University.

IALRC's mission is to fill the gap in the US for Islam related research and create a larger presence for Islam and related culture in US academia by bringing together scholars and research that is much needed.

# إعلان

خدا کے فضل اور امام علی علیہ السلام کی برکتوں سے امام علی لائبریری اور ریسرچ سینٹر کا قیام اولیا کونسل آف نارتھ امریکہ سینٹر، میہوپیک، نیو یارک میں عمل میں آیا ہے۔

یہ ادارہ علمی طور پر ہارٹ فورڈ انٹرنیشنل یونیورسٹی فار ریلیجن اینڈ پیس، امریکہ اور جامعہ عارفیہ، سید سراواں، ہندوستان سے منسلک ہے۔

ڈاکٹر حسین کمالی اس ادارے کے بانی ڈائریکٹر ہیں جبکہ ڈاکٹر ایم مہدی کاظمی، ڈاکٹر حسن عباس، ڈاکٹر کشور رضوی، اور ڈاکٹر حسنین ولجی بورڈ کے اراکین کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔

امام علی لائبریری اور ریسرچ سینٹر ایک خودمختار تعلیمی تحقیقاتی ادارہ ہے، جو امریکہ میں اسلامی موضوعات اور ثقافت پر اعلیٰ معیار کی تحقیق کے فروغ میں مصروفِ عمل ہے۔ یہ ادارہ مستقل پوسٹ ڈاکٹریٹ فیلو اور وابستہ محققین پر مشتمل ہوگا جو ہارٹ فورڈ انٹرنیشنل یونیورسٹی میں امام علی چیئر برائے شیعہ اسٹڈیز اور اسلامی مکاتب فکر کے درمیان مکالمے کے تحت کام کریں گے۔

اس ادارے کا مشن امریکہ میں اسلام سے متعلق تحقیق میں پائی جانے والی کمی کو پورا کرنا اور امریکی تعلیمی حلقوں میں اسلام اور اس کی ثقافت کے لیے ایک مضبوط مقام پیدا کرنا ہے، تاکہ ضروری تحقیقی کام اور اسکالرز کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا جا سکے۔